۴۸۶

# خواص لیموں

پبلشر
حکیم رام پرشاد صاحب
کھارون

مقام اشاعت
پبلک میڈیکل ہال پوسٹ کھارون ضلع انبالہ

پی ڈی ایف میکر : حکیم ایم ارشد شاہین




PDF
تیار کردہ
حکیم ایم ارشد شاہین لاہور

(جملہ حقوق محفوظ ہیں)

لیموں بیمار اور تندرست دونوں کے لئے مفید ترین چیز ہے

بیماروں اور تندرستوں کے لئے طبیب مہربان

هُوَ الْقَادِرُ

# خواص لیموں

باتصویر

جس میں صرف لیموں سے آئے دن کی بیماریوں کے
نہایت آسان اور مجرب علاج بتلائے گئے ہیں

مولفہ و مصنفہ

حکیم ڈاکٹر مولوی بشیر احمد صاحب قریشی (ساہوالوی)، کامل الطب
والجراحت۔ مؤلف و مصنف ”مجربات قادری“ ہر سہ حصہ وغیرہ

باخذ حق تصنیف دوامی از مصنف حکیم رام پرشاد گپتا ایڈیٹر رسالہ سیر عالم
مالک پبلک میڈیکل ہال رجسٹری شدہ گورنمنٹ۔ پوسٹ کھارون
ضلع انبالہ نے
چندر گپت پریس چاوڑی بازار دہلی میں چھپوایا

تعداد ایک ہزار

قیمت صرف ۶ / 

## پبلشر

حکیم رام پرشاد گپتا
مالک پبلک میڈیکل ہال
کھارون ضلع انبالہ

## ملنے کا پتہ

پبلک پوسٹ آفس کھارون ضلع انبالہ

## پرنٹر

ڈاکٹر برج لال گپتا
چندر گپت پریس
چاوڑی بازار دہلی

پی ڈی ایف میکر : حکیم ایم ارشد شاہین

# اصولِ علاج بذریعۂ لیموں

## اور دیباچہ

مدتوں کے تجربہ کے بعد اطبائے کرام نے لیموں کے ذریعہ علاج کرنے کا مندرجہ ذیل طریق علاج تجویز فرمایا ہے جو ایسے تمام امراض کے لئے جن میں خون کی کیفیت تیزابی ہو جاتی ہے از حد مفید ہونے کے سلتھ طاعون جیسے امراض متعدی کے لئے بھی سود مند ثابت ہوا ہے اگرچہ بعض اوقات بطور امداد کے اسی طریقہ کے ساتھ دواؤں کی ضرورت بھی پڑتی ہے۔ لیکن یہ یقینی امر ہے کہ اس طریقۂ علاج سے نقصان کسی حالت میں بھی نہیں ہوتا۔ اس لئے یہ باقی تمام علاجوں سے بہترین تسلیم کیا جاتا ہے۔ اس کا طریقہ یہ ہے کہ پہلے دن مریض کو سوائے پانی کے اور کوئی چیز کھانے پینے کی نہ دیجائے لیکن پانی جسقدر زیادہ پی سکے پلائیں۔ دوسرے دن چار عدد لیموں کا عرق اور مساوی وزن پانی ملاکر چار حصے کریں۔ ایک ایک حصہ دن میں چار مرتبہ پلائیں تیسرے دن لیموں اور پانی دن بھر میں پانچ مرتبہ دیں۔ یعنی ایک ایک لیموں کے عرق میں پانی ملاکر دیتے رہیں اسی طرح دن میں پانچ دفعہ پانچ لیموں ختم کریں۔ چوتھے دن عرق اور پانی چھ مرتبہ یعنی چھ لیموں دن بھر میں استعمال کریں۔ اسی طرح پانچویں دن سات مرتبہ اور چھٹے دن آٹھ مرتبہ۔ بعدہٗ روزانہ ایک ایک لیموں بڑھائیں حتی کہ ایک دن میں بارہ لیموں تک پہنچائیں۔ اسی طرح روزانہ ایک ایک کم کرکے تین لیموں روزانہ پر آجائیں۔ ابتدا میں کچھ بھوک اور کمزوری محسوس ہوگی لیکن اس کے بعد پھر معمولی حالت قائم ہو جائیگی۔ یہ خیال رہے کہ اس عرق میں شکر وغیرہ بالکل نہ ملائی جائے +

تین لیموں تک پہنچکر بہت ہلکی غذا شروع کرانی چاہیئے نارنگیاں انگور۔ انناس وغیرہ روزانہ استعمال میں لائے جائیں اور ان کی مقدار تدریجاً زیادہ کیجائے۔ تین لیموں اب بھی روزانہ جاری رہنے چاہئیں۔ یہاں تک کہ بالکل صحت حاصل ہو جائے +

میں نے مزمن ملیریا۔ حدت صفرا اور امراض معدہ میں اس طریقہ سے علاج کیا نہایت ہی پُر نفع اور سودمند ثابت ہُوا ہے۔ سب سے بڑی صفت جو میرے تجربہ میں آئی وہ یہ تھی کہ اس طریقہ سے جن مریضوں کا علاج آج سے پانچ چھ سال پہلے کیا تھا وہ باوجود بے احتیاطی کے سابقہ شکایات سے تاحال مامون و مصئون ہیں +

لیموں کے علاج کا مکمل طریقہ جو حکماء نے تجویز فرمایا ہے۔ اسکی وضاحت کر دی گئی ہے۔ اس کے علاوہ بھی لیموں بہت سے امراض میں مفید ہے۔ اس کے لئے آئندہ صفحات ملاحظہ فرمایئے

## الحکیم

درحقیقت لیموں ایک نعمت غیر مترقبہ ہے جس کے متعلق بیاضی اور مستند واقفیت بہم پہنچا دی گئی ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اگر خداوند کریم نے توفیق بخشی تو ناظرین کرام کی دلچسپی کے لئے اور بہترین پمفلٹ تحریر کرکے شرف حاصل کرونگا۔ ہماری طب کی پسماندگی کا ایک سبب یہ بھی ہے کہ ہمارے اطبائے عظام ملکی اشیاء کو حقیر سمجھ کر ان کی طرف توجہ ہی نہیں کرتے۔ اس طرح نہ صرف یہ کہ قدرت کی صناعیوں کی توہین کرتے ہیں بلکہ ملک اور طب دونوں کا نقصان ہوتا ہے ؛

احقر العباد
حکیم بشیر احمد قریشی ابن مولوی حکیم صوفی عبدالقادر صاحب مرحوم ساہو والیہ
حال وارد سکنہ بھوپالوالہ تحصیل ڈسکہ ضلع سیالکوٹ (پنجاب)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمدہٗ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم

# لیموں نیبو

## نام

لیموں کو عربی میں لیموں حامض فارسی میں لیموں اُردو میں کاغذی لیموں ہندی میں نیبو اور انگریزی میں لائم۔ سائیٹرن (Leman Citarn) وغیرہ کے ناموں سے موسوم کرتے ہیں اور زیادہ تر لیموں۔ نیبو کے نام سے مشہور و معروف ہے۔

## ماہیت

لیموں یا نیبو مشہور و معروف پھل ہے جو ترش اور ساتھ ہی بے حد خوش ذائقہ ہے۔ تقریباً دنیا بھر میں اس کی چٹنی اور اچار مروج ہیں۔ دال۔ ترکاری۔ سالن وغیرہ میں اس کا رس ڈالا جاتا ہے۔ حکمائے یونان نے اس کی سکنجبین بنا ڈالی جو نہایت مفرح اور سود مند شربت ہوتا ہے۔ یہی نہیں بلکہ خالق اکبر نے اس عجیب و غریب پھل میں ہزاروں گوناگوں خوبیاں رکھ دی ہیں۔ اس کے خواص بے شمار ہیں اور بہت سے امراض کے لئے تو یہ اس حد تک مفید ہے کہ کسی دوسری دوا کی حاجت ہی نہیں رہتی لیموں جس قدر کثیر اور عام ہے۔ اتنا ہی کثیر الفوائد بھی ہے۔ اسے صرف ایک دو امراض تک محدود کر دینا کسی طرح بھی مناسب نہیں خاکسار نے خصوصیت کے ساتھ **خانداں حکیمان ساہووالہ** کی قلمی بیاضوں سے امداد لیکر انتہائی دماغ سوزی کے بعد مذکورہ امراض کیلئے اس کو مفید بتایا ہے چنانچہ آزمائش کرنے پر آپ پر یہ بات واضح ہو جائیگی کہ یہ پھل فی الحقیقت مذکورہ

امراض کیلئے بے حد مفید اور نفع رساں ہے۔

## مزاج آب لیموں

لیموں کا مزاج دوسرے درجہ میں سرد اور اول درجہ میں خشک ہے۔ بقول بعض دوسرے درجہ سرد اور پہلے درجہ میں تر ہے۔ تخم لیموں دوسرے درجہ میں گرم و خشک ہیں۔ جو مفرح ہونے کے ساتھ نافع ہیضہ بھی ہیں + پوست لیموں دوسرے درجہ میں گرم و خشک۔ اور یہ قابض۔ مقوی معدہ مفرح اور مطیب ہوا کرتا ہے۔

## مقام پیدائش

لیموں ہندوستان کے بہت عمدہ اور مقبول ترین پھلوں میں شمار ہوتا ہے۔ اپنے موسم میں کثیر اور عام ملتا ہے۔

## مزہ و ذائقہ

لیموں کا ذائقہ نہایت ترش اور ساتھ ہی بے حد خوش ذائقہ ہوا کرتا ہے لیموں کے بیجوں کا ذائقہ نہایت تلخ و بدمزہ ہوتا ہے۔

## اقسام لیموں

لیموں کی کئی قسمیں ہیں اور ہر قسم کا علیحدہ نام ہے۔ مطلق لیموں سے لیموں کاغذی مراد ہوتا ہے۔ اور اسی کا ذکر ہمارا مقصود ہے۔ اطباء کرام اس کا رس تخم اور پوست یعنی چھلکا بکثرت استعمال کرتے ہیں +

## نفع و ضرر آب لیموں

خون و صفرا کی تیزی کو تسکین اور قے و غثیان کو افاقہ دیتا ہے۔ مگر کھانسی کو مضر ہے۔

## مصلح

اعلیٰ درجہ کا مصلح شکر اور شہد ہے۔

## بدل

نارنج اس کا بہترین بدل ہے

## مقدار خوراک

آب لیموں ۶ ماشہ - پوست و تخم لیموں ایک ماشہ - آب لیموں ضرورت کے مطابق زیادہ بھی استعمال کیا جا سکتا ہے -

## لیموں کاغذی کے خواص و فوائد

آب لیموں مُبرِّد (سرد کرنیوالی دوا) و مفرح - جالی (صاف کرنیوالی دوا) مقطع و مُلطِّف اخلاط غلیظہ اور دافع تپ موسمی - دافع حدت صفرا - ہاضم دافع سموم - مقوی معدہ اور مشتہی ہے - اس میں جراثیم کو ہلاک کرنے کی خاصیت بدرجہ اولیٰ موجود ہے اور زخموں پر لگانے کیلئے اسے ٹنکچر آیوڈین پر اس لئے ترجیح دی جا سکتی ہے کہ اس سے جسم کو ذرا سا بھی نقصان نہیں پہنچتا اور جراثیم کے لئے بھی آیوڈین سے کسی طرح کم مہلک نہیں مسکن خمار ہے - درد سر حار و دوار تبخیری - خفقان سوداوی - عفونت خون - یرقان عطش - قے - غثیان - تہوع وغیرہ تمام گرمی کے عوارض کو سودمند ہے - جگر کے گرم مواد کو جذب کرتا ہے - لیموں کے بیجوں کو بریان کر کے کھانا حابس اسہال وسقے ہے - چھیل کر استعمال کرنے چاہئیں - خصوصاً بچوں کے دست - قے اور پیاس کے لئے نہایت مفید ہیں - ان کا چبانا گندی دندان کا مجرب علاج ہے اور ان میں تریاقیت کی قوت بھی ہے - دراصل لیموں کے فوائد بیشمار ہیں - خاندان حکیمان ساہووالہ نے جس جس بیماری میں اسکو مجرب اور بے خطا پایا ہے بجنسہ آئندہ صفحات پر وہ مجرب نسخے درج کر دیئے گئے ہیں - ملاحظہ فرماویں :- اس کے مکمل فوائد تو آئندہ صفحات کے مطالعہ سے ہی معلوم ہو سکیں گے +

# امراض الراس (سر کی بیماریاں)

سر کی بیماریوں میں سے خصوصیت کے ساتھ دردسر دموی کیلئے لیموں از حد مفید ہے اس کا ایک ہی نادر چٹکلہ ذیل میں درج کر دیا جاتا ہے۔ ہر ایک اُردو خواں بھائی اس مفید اور کارآمد رسالہ کو پڑھکر نفع اُٹھائے۔

## صداع دموی - دردسر خونی کا علاج

**مریض کا بیان** - حکیم صاحب! آپ مشاہدہ فرماویں کہ میری آنکھیں سُرخ دکھائی دے رہی ہیں - میرے سر میں مجھے بوجھ محسوس ہو رہا ہے اور منہ کا مزہ میٹھا میٹھا معلوم ہوتا ہے۔ براہ کرم نسخہ تجویز فرمادیں تاکہ دردسر کی تکلیف سے نجات حاصل کر سکوں۔

**طبیب حاذق** - آپ یہ نسخہ استعمال فرماؤ۔ انشاءاللہ بالکلیہ صحت ہو جاویگی (ہوالشافی) قند یعنی مصری ۲ تولہ کو صاف پانی ۱۰ تولہ میں حل کریں - بعدہٗ عرق گلاب ۹ ماشہ اور عرق لیموں ۱ تولہ اضافہ کر کے پی لیں - بفضلہ درد کافور ہوگا - یہ نسخہ ہمارا متعدد بار کا آزمایا ہوا ہے - طرفہ یہ کہ اس کے بنانے اور اشیاء کی فراہمی میں مطلق جھگڑا نہیں - اگر دیرینہ شکایت ہے تو چند دن لگاتار استقلال کے ساتھ استعمال کرتے رہیئے - ورنہ عارضی فوائد کی دوکانوں (مراد ڈاکٹری) کے دروازوں کو ہمیشہ کے لئے کھٹکھٹاتے رہیئے ؎

**غذا** - چپاتی - ساگ پالک - دال مونگ - کدو کے ساتھ کھلادیں - میوہ جات میں سے فالسہ - انار - تربوز - سیب وغیرہ کھلا دیں ؎

## خدر یعنی سُن ہو جانا - سُن بہری کا علاج

اگر مریض کے کسی عضو کی حس باطل ہو جائے یعنی اس مقام پر چٹکی لیں یا کاٹیں تو کوئی تکلیف محسوس نہ کرے - تو ایسی صورت میں ذیل کا طلاء

مجرب ثابت ہو چکا ہے **صفت** پھٹکری۔ سہاگہ ہموزن لے کر باریک پیسکر عرق لیموں میں گوندھکر ضماد کریں۔ لیکن ضماد سے پیشتر عضو ماؤف پر پچھنے لگا لینے چاہئیں۔ انشاء اللہ سات یوم میں مکمل فائدہ ہو جاویگا۔

# متفرق چٹکلے

## خزاز۔ سکڑی سر

اگر کوئی صاحب سکڑی سر کی شکایت کرے تو اُسکو یہ چٹکلہ استعمال کرادیں۔ انشاء اللہ دو چار یوم میں ہی سکڑی کی غلاظت رفع ہو جاویگی اور آئندہ کبھی اس شکایت میں مبتلا نہ ہوگا۔ اب چٹکلہ کا نسخہ ملاحظہ فرماویں **صفت**۔ آب لیموں میں بقدر ضرورت شکر تری حل کر کے سر کو دھوئیں خشک ہونے پر اگر ہو سکے تو قدرے روغن زردی بیضہ مرغ سر کے بالوں پر مل دیں۔ مطلق صفائی ہو جاویگی۔ یہ نسخہ ہمارا بارہا کا آزمودہ ہے۔ بلا مبالغہ بعض آدمیوں کے سر میں آدھی آدھی چھٹانک نکلتی دیکھی گئی ہے۔ مگر جب اس نسخہ کا استعمال کرایا گیا تو دو دن کے بعد ہی ایسا معلوم ہوتا تھا کہ سکڑی سر کا وجود ہی نہیں۔

## تالو کا سوراخ

مرض آتشک میں جب درجہ ثانی شروع ہو جاتا ہے تو خون کے مسموم ہو جانے کی علامتیں بھی ظاہر ہونے لگتی ہیں۔ مثلاً حلق۔ تالو اور لوزتین میں التہاب اور ورم کا آغاز ہو جانا اور گاہے اُن میں زخموں کا پیدا ہو جانا۔ یعنی تالو میں سوراخ پیدا ہو جاتا ہے۔ اطباء کرام فرماتے ہیں کہ یہ بیماری چونکہ نہایت ہی خبیث اور فاسد مادہ سے پیدا ہوتی ہے اسلئے بمشکل رو بصحت ہوتی ہے۔ لیکن جب آپ یہ نسخہ استعمال کرادینگے تو یقیناً آپ خوش ہو جاوینگے۔ آتشک میں اگرچہ ہاتھ پیر بیکار اور تالو

میں سوراخ ہوگیا ہو نہایت مفید اور بارہا کی مجرب ہے۔

حب الیموں (معمولہ مطب) پوست ہلیلہ کلاں ۔ پوست ہلیلہ سیاہ۔ ہر ایک ۲۰ ماشہ ۔ تو تیائے سبز تیرہ ماشہ ۔ سب کو پیسکر اور سو عدد لیموں کاغذی کے عرق میں کھرل کرکے ۔ رتی رتی کے برابر گولیاں بنائیں اور روزانہ ایک ایک گولی صبح وشام کھلائیں اور شیرینی و ترشی اور بادی سے پرہیز کرائیں ۔ تمام امراض سوداویہ اور خصوصیت کے ساتھ تالو کے سوراخ کے لئے نہایت ہی مفید اور بمنزلہ آبحیات ثابت ہوچکی ہیں ضرور نفع اٹھاویں اور خاندان حکیم سیاہو والہ کو دعائے خیر سے یاد فرماویں

# امراض العین یعنی آنکھ کی بیماریاں

دنیا میں آنکھیں بڑی نعمت ہیں ۔ آنکھوں کی قدر انسان کو اس وقت معلوم ہوتی ہے جب کسی قسم کی تکلیف ہوتی ہے ورنہ کچھ قدر و حفاظت نہیں کی جاتی ۔ جس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ تھوڑی سی عمر میں کمزوری بصارت کی شکایت ہو جاتی ہے ۔ یہانتک کہ عینک کے خوگر ہو جاتے ہیں ۔ آنکھ کی بیماریوں کے بیسیوں اعلیٰ سے اعلیٰ نسخے کتابوں میں درج ہیں ۔ مگر حکیم مطلق نے لیموں کو امراض چشم کے لئے مخصوص کر دیا ہے ۔ اب ذیل میں مجربات درج کئے جاتے ہیں۔

## ضعف بصر ۔ نظر کی کمزوری

آج ہر شخص کمزوری بصارت کا شاکی نظر آتا ہے ۔ تھوڑی دیر لکھنے پڑھنے یا کوئی نظر کا کام کرنے سے آنکھیں تھک جاتی ہیں اور ان کے سامنے اندھیرا سا آجاتا ہے ۔ مولائے کریم نے اس بیماری کا علاج لیموں کے اندر مخفی کر دیا ہے ۔ بسا اوقات بڑے بھروسہ کے نسخوں کے مقابلہ میں یہ لیموں کا چٹکلہ بازی لے جاتا ہے آپ ہمارے کہنے پر نہ رہیے

بیشک آزما دیکھئے۔ اب حیٹکلہ ملاحظہ ہو (صفحہ) سنگ بصری بقدر ضرورت ریزہ ریزہ کرکے آب لیموں کاغذی میں تر کریں۔ خشک ہونے پر کوزہ گلی میں رکھکر گل حکمت کرکے جنگلی اُپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکالکر باریک پیس لیں اور بحفاظت شیشی میں رکھیں اس سرمہ کی ایک ایک سلائی آنکھوں میں لگائیں۔ خاص طور پر آنکھوں کو قوت بخشتا ہے۔

## آشوب چشم۔ آنکھیں دُکھنی

آشوب چشم کے باعث سخت تکلیف اُٹھانی پڑتی ہے ٹیسیں اور بھی غضب ڈھا دیتی ہیں۔ بیمار تو صرف ایک آدمی ہوتا ہے مگر گھر کا گھر بیزار نظر آتا ہے۔ آپ بلا کھٹکے ذیل کی اکسیر کا استعمال کرائیے انشاء اللہ فوراً آنکھیں تندرست ہو جاوینگی۔

## اکسیری سرمہ

قرنفل (لونگ) ٹوپی دار سولہ عدد لے کر ایک عدد لیموں کلاں رسدار میں ڈالدیں اور آٹھ روز تک بحفاظت رکھیں۔ بعدہٗ نکالکر آب شبنم سے فلوس کے دستہ سے باریک پیس لیں اور بحفاظت شیشی میں رکھیں بس اکسیری سرمہ تیار ہے بوقت ضرورت استعمال کریں۔ رمد یعنی آشوب چشم کے لئے اکسیر ہے۔

## سرخی چشم۔ آنکھ کی سُرخی

آنکھ کی سرخی بھی کچھ تکلیف دہ کم نہیں۔ بعض اشخاص تو اس شکایت میں چھ چھ ماہ تک مبتلا رہتے ہیں اور اس سرخی کے باعث شکل بھی ہیبت ناک دکھائی دیا کرتی ہے۔ جملہ ادویات چھوڑ کر یہ شیاف استعمال کریں پہلے دن ہی بفضلہ سرخی کٹ کر علیحدہ ہو جائیگی۔ اور آشوب چشم کیلئے بھی اکسیر سے کم نہیں۔ اب نسخہ شیاف ملاحظہ ہو:۔

## شیاف (بے خطا نسخہ)

**شیاف** (دوا کی بتی) جبکہ شیاف امراض چشم کے واسطے بنائی جائیں تو ان کو مخروطی شکل کا بنائیں۔ **صفت** - ہلدی - مغز تخم سرس - ہر ایک پونے دو تولہ - ہر دو دواؤں کو عرق لیموں آدھ پاؤ میں باریک پیسکر شیاف تیار کرلیں اور بوقت ضرورت گھس کر آنکھ میں لگاویں - سرخی ورد بفضلہ جاتی نظر نہ آئیگی - ایک زرگر نے مجھے بتایا کہ حکیم صاحب میری والدہ انہی شیاف کو تیس سال سے مریضوں پر استعمال کر رہی ہے فی الحقیقت رمدو سرخی چشم کے لئے اکسیر ہے۔

## بیاض چشم - پھولہ

یہ ایک قسم کی سفیدی ہے جو آنکھ کی سیاہی پر پیدا ہو جاتی ہے - اگر یہ رقیق ہو تو غمام یا اثر یا جالا کے نام سے موسوم ہوتی ہے - اگر غلیظ ہو تو مطلق بیاض کے نام سے موسوم ہوتی ہے. اگر غلیظ یا دبیز ہو تو گل چشم یا پُھلّی (جسے ہندی میں ٹینٹ کہتے ہیں) کے نام سے موسوم ہوتی ہے۔ یہ کوئی معمولی مرض نہیں کہ جس کی طرف توجہ نہ کی جائے - یہی مرض ہے کہ جس کے باعث بصارت جیسی نعمت قطعاً زائل ہو جاتی ہے - لہٰذا فی الفور اس کا تدارک فرماویں - ذیل میں ہم ایک مجرب نسخہ لکھے دیتے ہیں اس کے استعمال سے بفضلہ بغیر اپریشن کے بالکلیہ فائدہ ہو جایا کرتا ہے اب سرمہ کا نسخہ ملاحظہ ہو:

## سرمہ (ایک سیاح کا عطیہ)

بیج کتائی کلاں کو بقدر ضرورت لے کر عرق لیموں کاغذی میں آٹھ پہر تک خوب باریک پیسکر خشک ہونے پر بحفاظت شیشی میں رکھ لیں اور چالیس روز تک آنکھ میں لگائیں - یہ سرمہ بیاض وکدورت چشم کے لئے اکسیر ہے سیاح کا بیان تھا کہ میں نے اُن لوگوں کو رضی کیا ہے جو اپریشن پر بالکل

آمادہ تھے۔ بدیں وجہ آپ بھی ضرور بنا کر نفع اُٹھاویں۔

## ظفرہ - ناخونہ ۹

ظفرہ - یہ ایک ہلالی شکل کا سُرخی مائل اُبھرا ہوا نشان ہوتا ہے جو طبقہ ملتحمہ پر آنکھوں کے کسی کونے کی طرف ہو جاتا ہے۔

## حبوب معمولہ مطب

شاخ گوزن سوختہ بقدر ضرورت لے کر عرق لیموں میں باریک پیسکر سیاہ مرچ کے برابر گولیاں بنالیں اور بر وقت ضرورت پانی میں گھسکر آنکھ میں لگائیں۔ ظفرہ وسبل چشم کے لئے اکسیر ہے۔ ہمارا خاندان اس نسخہ کو ہمیشہ سے استعمال کرتا آرہا ہے۔ پھولہ کیلئے بھی ازحد مفید ہے۔

## نزول الماء - موتیا بند ۱۰

نزول الماء - آنکھوں میں پانی اُتر آنا جسے موتیا بند کہتے ہیں۔

## سرمہ (بالکل سہل نسخہ)

مغز گھونگچی سفید بقدر ضرورت لے کر عرق لیموں کاغذی میں کھرل کریں۔ جب مانند غبار کے ہو جاوے تو شیشی میں محفوظ کرلیں اور بر وقت ضرورت سلائی کے ساتھ آنکھ میں لگائیں۔ تیسرے دن ہی نفع ہونا شروع ہوگا۔ یہ سرمہ نزول الماء کیلئے مخصوص ہے۔ استعمال کریں اور ہماری داد دیں۔

## درد چشم - آنکھ کا درد ۱۱

آنکھ کا درد ایک منٹ چین نہیں لینے دیتا۔ جو شخص اس میں مبتلا ہو وہی اس کا بخوبی اندازہ کرسکتا ہے ہم ذیل میں ایک نسخہ لکھتے ہیں جو درد کو آنِ واحد میں بند کردیتا ہے۔ اب چٹکلہ ملاحظہ فرماویں۔

## سرمہ (جادو اثر)

پھٹکڑی بریاں۔ افیون ہردو مساوی الوزن لے کر عرق لیموں کاغذی میں کھرل کرکے سرمہ تیار کریں اور شیشی میں نگاہ رکھیں بوقت ضرورت

ایک ایک سلائی صبح و شام آنکھ میں لگائیں۔ بفضلہ اسی وقت چین پڑ جائیگا درد چشم کے لئے فی الحقیقت جادو اثر نسخہ ہے۔ ہمارا ابھی متعدد بار کا آزمایا ہوا نسخہ ہے۔

# متفرق چٹکلے

## دمعہ یعنی ڈھلکہ چشم ۱۲

اس مرض میں آنکھ سے ہمیشہ آنسو جاری رہتے ہیں اور ہر وقت آنکھ تر رہتی ہے۔ ذیل کے شیاف اس باب میں مجرب ہیں۔ پھٹکری بریاں ہونے کی حالت میں جبکہ پانی کی طرح ہوتی ہے ۴ ماشہ۔ افیون ایک ماشہ۔ عرق لیموں ۱۰ عدد میں حل کر کے شیاف بنالیں۔ بوقت صبح آب شبینہ (باسی پانی) میں حل کر کے آنکھ میں لگایا کریں۔ اگر آپ کی آنکھوں سے ہر وقت پانی جاری رہتا ہو اور شکایت بھی سالہا سال سے ہو انشاء اللہ سات یوم میں برسوں کی شکایت رفع ہو کر مکمل صحت ہو جاویگی۔ دمعہ مزمن کیواسطے مجرب المجرب ہے

## سرمہ اکسیر العین ۱۳

ہلدی کی گنڈھی لے کر عرق لیموں میں سات مرتبہ تر و خشک کریں۔ بعدہٗ کھرل میں باریک پیسکر سرمہ تیار کر کے محفوظ رکھیں۔ بوقت ضرورت سلائی سے آنکھوں میں لگایا کریں۔ جملہ امراض چشم کے لئے عجیب و غریب دوا ہے خصوصاً بیاض۔ سبل۔ ناخونہ وغیرہ کے لئے اکسیر سے کم نہیں معمولی سمجھتے ہوئے اس نسخہ کو نظر انداز نہ کریں بلکہ فوائد میں بڑے سے بڑا نسخہ بھی اس کا مقابلہ نہیں کر سکتا۔ ایک درویش اسی چٹکلے کی بدولت مشہور و معروف تھا خدا غریق رحمت کرے اب وہ فوت ہو چکا ہے۔

## سرمہ معمولہ مطب ۱۴

نوشادر بقدر ضرورت لیکر پیتل کی پرات میں ڈالکر عرق لیموں کے ہمراہ

کانسی کے پیالہ سے چار پہر تک پیس کر محفوظ کر لیں۔ پس سرمہ نور العین تیار ہے۔ سلائی کے سروں سے آنکھ میں لگائیں۔ جملہ امراض چشم مثلاً پھولہ جالہ۔ دھند۔ رمد وغیرہ امراض کیلئے اکسیر ہے۔ ہمارے بزرگوں اور ہمارا معمول نسخہ ہے۔ لاگت کچھ بھی نہیں ذرا محنت ضرور ہے۔ علامہ اقبال اسی لئے تو فرماتے ہیں۔

جو کرتے ہیں دنیا میں محنت زیادہ وہی لوگ پاتے ہیں عزت زیادہ

اس سے سہل الحصول اور کم قیمت نسخہ ملنا محال نہیں تو ناممکن ضرور ہے۔ بنائیں اور مخلوق خدا کو نفع پہنچاویں میں تو اسکو قیمتاً فروخت نہیں کرتا بلکہ ہر کس و ناکس کو مفت ہی دیدیا کرتا ہوں اگر ہوسکے تو آپ بھی اسکو مفت ہی تقسیم کریں

## شیاف زود اثر نسخہ ۱۵)

لیجئے بالکل آسان نسخہ پیش کرتا ہوں اور فوائد میں کہیں بڑھ چڑھ کر ہے اور طرفہ یہ کہ جملہ امراض چشم کے لئے از حد مفید ہے اب نسخہ شیاف ملاحظہ فرماویں **صفت**۔ پھٹکڑی سُرخ بقدر ضرورت لے کر عرق لیموں میں بارہ پہر کھرل کریں بعدہ شیاف بناویں بوقت حاجت آب شبنم یا باسی پانی میں گھسکر آنکھ میں ڈالیں۔ عجیب اور زود اثر نسخہ ہے۔

# امراض الاذن یعنی کان کی بیماریاں

کان، قوت سماعت کا ایک آلہ ہے۔ قوت سماعت بھی انسانی زندگی کے لئے از حد ضروری ہے۔ بدیں وجہ کان کی نگہداشت ہم پر لازمی ٹھیری اگر کان میں ذراسی بھی تکلیف محسوس ہونے لگے تو فوراً اس کے علاج کی طرف راغب ہو جانا چاہیئے۔ امراض الاذن کے طبیبوں نے عجیب عجیب نسخے تحریر فرمائے ہیں مگر حکیم مطلق نے لیموں کے اندر کان کی بیماریوں کے عجیبہ خواص مخفی کر رکھے ہیں۔ اب ذیل میں چند مفید ٹُٹکلے درج کر دیئے جاتے

ہیں ملاحظہ فرماویں +

## دردگوش۔کان کادرد (نسخہ)

کان میں شدید درد ہوتا ہے۔درد کی ٹیسیں پیشانی اور چہرے تک مارکرتی ہیں۔غرضیکہ درد کے مارے مریض کا برا حال ہوتا ہے۔آپ فوراً اس چٹکلہ کا استعمال کیجئے بفضلہ ایک دم آرام ہوگا۔

**مفرد چٹکلہ**۔نصف لیموں لیکر ذرا گرم کریں۔جس کان میں درد محسوس ہورہا ہو فوراً نیمگرم صورت میں اس میں نچوڑ دیں۔بفضلہ فوراً درد کو تسکین ہوگی۔روتا ہوا مریض ہنسنے لگیگا۔درد کان کیواسطے یہ احد پھل ہی کافی ہے

## دوم (نسخہ)

ہوالشافی۔سہاگہ چٹکی بھر لیکر باریک پیس لیں اور کان کے اندر ڈالکر اوپر سے عرق لیموں نیمگرم کے چند قطرے ڈالیں اس کے ڈالتے ہی دوا کو فوراً جوش آتا ہے اور کان کی تمام میل کچیل کو باہر نکالکر بالکل صاف کردیتا ہے۔درد کان اور ریم گوش کے لئے از حد مفید اور مجرب ہے ہمارا کئی بار کا آزمودہ ہے نایاب اور نادر چٹکلہ ہے اس کی قدر کرنی چاہیئے۔

## سوم (نسخہ)

نصف لیموں کاٹ کر اوپر نمک یا پھٹکری بریاں چھڑک کر قدرے انگاروں پر گرم کرکے چند قطرے کان میں ٹپکائیں۔یہ نسخہ بھی درد کان کے لئے از حد مفید ہے +

# امراض الانف یعنی ناک کی بیماریاں

ناک ایک چھوٹا سا عضو ہے جو چہرہ کے اوپر واقع ہے۔یہ قوت شامہ یعنی سونگھنے کی قوت کا آلہ ہے۔قدرت نے علاوہ خوبصورتی اور چہرہ کی زیبائش کے ایک بہت بڑی منفعت کے لئے اس عضو کو بنایا ہے یعنی

جس طرح کہ ہم ہوا کے ذریعہ کانوں سے سنتے ہیں اسی طرح ہوا کے ذریعہ ناک سے سونگھتے ہیں اور خوشبو بدبو میں تمیز کرتے ہیں نیز دماغ کے فضلات ناک اسی راستہ سے باہر خارج ہوا کرتے ہیں جس سے ہمارا دماغ ہمیشہ صاف اور ستھرا رہتا ہے ناک کی بیماریاں تو بے شمار ہیں لیکن یہاں صرف ایک مرض جو کہ بہت کثیر الوقوع ہے درج کردیا جاتا ہے۔

## رُعاف۔ نکسیر پھوٹنا ۱۹

اگر آپ ملاحظہ فرماویں کہ نکسیر کے باعث مریض پر ضعف طاری ہوا جارہا ہے اور خون بکثرت خارج ہو چکا ہے تو فوراً ذیل کا چٹکلہ استعمال کریں۔ بفضلہ فوراً خون بند ہو گا۔ لیموں نکسیر کیلئے بلاشبہ اکسیر و بےنظیر ہے۔ اب چٹکلہ ملاحظہ فرماویں۔

### مفرد چٹکلہ (پچکاری)

ہوالشافی۔ بقدر ضرورت عرق لیموں لے کر اس کی پچکاری ناک میں کریں۔ انشاء اللہ فی الفور نکسیر بند ہو گی۔ ہم نے بارہا اس نسخہ کا تجربہ کیا ہے۔ فی الواقع نکسیر کے لئے اکسیر ہے۔ آزمائیں اور نفع اٹھاویں +

# زبان کی بیماریاں

آپ پر واضح رہے کہ زبان گویائی کی قوت اور چکھنے کا آلہ ہے جو مُنہ کے اندر واقع ہے۔ اس قدرتی عضو کے ذریعہ ہم میٹھی کڑوی۔ نمکین ترش۔ لذیذ اور بے مزہ چیزوں کا احساس کرتے ہیں اور گفتگو کر کے مطلب کا اظہار کرتے ہیں۔ اگر خدانخواستہ یہ چیز مرض میں مبتلا ہو جائے۔ تو ظاہر ہے کہ ہمارے ہر قسم کے مزے یکلخت موقوف ہو جاتے ہیں۔ اور گفتگو کرنے سے بھی رہ جاتے ہیں۔ لہذا ضرورت اس امر کی داعی ہے کہ اسکی حفاظت کیجائے اور بیماری کے وقت فی الفور اس کے علاج کی

طرف توجہ کیجائے۔ اب ذیل میں تین چٹکلے تحریر کئے جاتے ہیں جو ازحد مؤثر ہیں ملاحظہ فرماویں ٭

## زبان کی سوجن اور سوزش ۲۰

اگر آپ مشاہدہ فرماویں کہ زبان میں سوزش اور درد کی شکایت موجود ہے سانس بھی تنگی سے آرہا ہے اور بولنے اور بات کرنے میں زحمت ہورہی ہے تو فوراً یہ چٹکلہ استعمال کریں **صفت** رسوت بقدر ضرورت لے کر عرق لیموں میں، باریک پیس لیں۔ بعدہ زبان پر اس کی مالش کریں اور منہ ڈھیلا چھوڑ دیں۔ تاکہ لعاب نکل جاوے۔ یہ معمولی سا چٹکلہ زبان کی سوزش۔ سوجن۔ سرخی اور دانہ ہائے سرخ زبان کیلئے مجرب ہے، تمام تکلیفیں رفع ہوکر بفضلہ فی الفور صحت ہو جاویگی ٭

## دوم ۲۱

**صفت** ۔ مغز کرنجوہ۔ نمک لاہوری ہر دو مساوی الوزن لیکر عرق لیموں میں باریک کھرل کرکے زبان پر رکھیں اور منہ کو ڈھیلا چھوڑ دیں تاکہ منہ سے لعاب نکلے اور زبان ہلکی اور نرم ہو جاویگی۔ ورم و سختی اور کھردراپن زبان کے لئے اکسیر ہے۔

## سوم ۲۲

ہوالشافی۔ لیموں کاغذی لے کر اس کے دو ٹکڑے کریں۔ بعدہ اُن میں سے تخم علیحدہ کرکے گوگل باریک پیسکر لیموں میں بھردیں اور گرم کرکے چوسیں۔ زبان کی جملہ بیماریوں کے لئے یہ مختصر چٹکلہ ازحد نافع ہے قدر کریں اور پورا پورا نفع اُٹھاویں ٭

# مُنہ کی بیماریاں

آلاتِ غذا میں سب سے پہلا آلہ ہضم غذا کے لئے مُنہ ہے جب ہم غذا کو

چباتے ہیں تو لعاب دہن کے ملنے سے ہی غذا کا پہلا ہضم شروع ہوجاتا ہے اگر منہ میں ہی تکلیف ہو تو غذا کیا کھائی جاسکتی ہے اگر یہ نہ کھائی جائے تو پھر زندگانی کا رہنا محال امر ہے اس کے علاج کی طرف فوری توجہ کی ضرورت ہے۔ اب ذیل کے مجرب چٹکلے ملاحظہ فرماویں۔

## قلاع الفم یعنی منہ آنا ۲۳

جب زبان کسی قدر سوج جائے۔ منہ سے تھوک اور رال بہے چبانا اور نگلنا دشوار معلوم ہو۔ منہ میں چھوٹے چھوٹے دانے یا زخم موجود ہوں اور منہ کی اندرونی جھلی یعنی مسوڑھوں۔ لبوں اور رخساروں کی لعابدار جھلی متورم اور سرخ ہو تو فوراً اس چٹکلہ کا استعمال کریں بفضلہ فوراً صحت ہوگی چٹکلہ ملاحظہ ہو **صفت**۔ رسوت بقدر ضرورت لیکر عرق لیموں میں باریک پیسکر منہ میں مالش کریں بس دو ایک بار میں ہی منہ پکنے کی شکایت رفع ہوجاویگی۔ آزمودہ ہے۔ سرخی اور دانہ ہائے سرخ زبان کے لئے بھی از حد نافع ہے **پرہیز**۔ زیادہ نمک۔ ترشی۔ گڑ۔ تیل وغیرہ کی چیزوں سے پرہیز کریں۔ **غذا**۔ ساگودانہ کی کھیر۔ مکھن خشکہ کھچڑی کھلادیں

## سیلان اللعاب یعنی رال بہنا ۲۴

یہ بیماری بچوں میں عموماً رطوبات کی زیادتی سے ہوتی ہے۔ مگر بعض اوقات بڑے آدمیوں میں بھی یہ شکایت پیدا ہوجاتی ہے۔ معدہ میں رطوبات فاسدہ جمع ہونے کے باعث یہ شکایت دامنگیر ہوجائے تو ذیل کا سفوف استعمال کیجئے انشاءاللہ دو تین یوم میں بالکلیہ صحت ہوجاویگی نسخہ موصوفہ یہ ہے۔ مرچ سیاہ۔ نمک لاہوری ہر دو مساوی الوزن کو آب لیموں میں کھرل کرکے سفوف تیار کرلیں اور ہر روز قدرے نہار منہ کھالیا کریں۔ تین یوم میں بالکل صحت ہوجاویگی **پرہیز**۔ گوبھی۔ کچالو۔ اروی۔ ماش کی دال سے پرہیز کریں **غذا**۔ مونگ کی دال چپاتی کے ہمراہ کھلاویں۔ سوڈا لیمونیڈ پینا بھی

فائدہ مند ہے ÷

# دانتوں کی بیماریاں

دانت بھی خداوند کریم نے ہم کو ایک نہایت اعلےٰ نعمت عطا فرمائی ہے جن کی ہم چنداں پرواہ نہیں کرتے اگر دانت نہ ہوں تو کھانے کا مزہ نہیں آتا۔ منہ کی خوبصورتی جاتی رہتی ہے آواز سُریلی تو کیا تلفظ بھی صحیح ادا نہیں ہو سکتا۔ جیسی یہ نعمت بے بہا ہے اور جیسے اس کے فوائد ہیں اگر اسکی صحت کا خیال نہ کیا جاوے تو اُسی قدر نقصان اُٹھانا پڑتا ہے۔ اب ہم دانتوں کی ایک بیماری اور اس کا ایک ہی مجرب نسخہ لکھے دیتے ہیں۔

## درد دانت ۲۵

جب آپ ملاحظہ فرماویں کہ دانت میں شدّت کے ساتھ درد ہو رہا ہی تو فوراً اس مفرد چٹکلہ کو استعمال میں لاویں ÷

**مفرد چٹکلہ**۔ صرف برگ درخت لیموں لیکر ذرا کوٹ کر دانت کے نیچے رکھکر چباویں۔ انشاء فوراً درد میں تسکین ہو گی۔ اکثر مریض چیختے چلاتے آتے ہیں اور اطمینان کے ساتھ گھر واپس چلے جاتے ہیں۔ بیسیوں مرتبہ کا آزمودہ اور مجرب چٹکلہ ہے ÷

# دل کی بیماریاں

دل وہ عضو رئیس ہے جسمیں روح حیوانی رہتی ہے اور بقاء حیات کے لئے بذریعہ شریانوں کے خون کے ہمراہ تمام جسم میں پہنچتی ہے۔ انسان اور دیگر حیوانات کی زندگی کا دارومدار اسی پر ہے اسکی خرابی سے تمام جسم کا نظام بگڑ جاتا ہے۔ لیموں کے اندر حکیم مطلق

نے ایسی تاثیرات ودیعت کر دی ہیں جو امراض قلب کو بالخاصہ مفید ہیں اور جو بڑی بڑی قیمتی دواؤں کے مقابلہ میں زیادہ اثر رکھتی ہیں۔

## خفقان حار ۲۶

**صفت**۔ حماض (چوکا) ترنج۔ آب لیموں۔ تینوں کو ہموزن لیکر عرق گلاب بقدر ضرورت میں حل کر کے مصری ملاکر ہر روز بوقت صبح ایک ہفتہ تک استعمال میں لاویں۔ یہ نسخہ خفقان حار (گرم) کے لئے مجرب ہے اور کم خرچ بالا نشین چٹکلہ ہے۔ قیمتی سے قیمتی یاقوتی اس نسخہ کے مقابلہ میں ہیچ ہے۔ آزماویں اور بالضرور نفع اٹھاویں۔

# معدہ کی بیماریاں

معدہ قدرت کی طرف سے ایک عجیب وغریب عطیہ ہے اور ہماری موجودہ اور آئندہ زندگی کا دارومدار بہت کچھ اسی پر رکھا گیا ہے اگر خدانخواستہ ہمارا معدہ کسی بیماری میں گرفتار ہو جائے تو ہماری زندگی یقیناً خطرہ میں پڑ جاتی ہے۔ بدیں وجہ معدہ کی اصلاح اور حفاظت صحت کے لئے سب سے زیادہ ضروری ہے۔ لیموں معدہ کے متعدد امراض کیلئے از حد مفید اور نافع ہے۔

## درد معدہ ۲۷

اس کے مختلف اسباب ہوتے ہیں۔ جو درد ریاح کے سبب معدہ میں ہوتا ہے اس کی علامت یہ ہے کہ ڈکاریں بہت آتی ہیں۔ قراقر اور نفخ اور کھانے کے بعد تلی کے قریب درد محسوس ہوتا ہے۔ یہ بھی خوب یاد رکھنا چاہیئے کہ پیٹ کے درد کا اکثر سبب بلغمی مادہ ہوتا ہے یا غذا کی کثرت جو معدہ کو تکلیف بھی پہنچا رہی ہو۔ اس غرض کے لئے ذیل کی گولیوں کا استعمال کراویں۔ انشاء اللہ ہر قسم کا درد رفع ہو کر فوراً

سکون ہو جائیگا۔ اب گولیوں کا نسخہ ملاحظہ فرماویں **صفتہ**۔ سیاہ مرچ
نگھاں۔ نمک سیاہ ہر ایک ۵ تولہ۔ سہاگہ چوکیہ ۲۔ تولہ۔ سب کو بارہ پہر
آب لیموں میں کھرل کرکے چار چار رتی کے برابر گولیاں بنالیں اور
بوقت ضرورت ایک یا دو گولی تازہ پانی کے ساتھ کھلاویں۔ فقط درد
معدہ پر ہی کیا منحصر ہے بلکہ یہ گولیاں معدہ کے جملہ امراض بلکہ پیٹ
کی دوسری بیماریوں کے لئے ایک لاثانی چیز ہیں۔ پیٹ درد۔ بھوک
نہ لگنا۔ بدہضمی۔ کھٹی ڈکار آنا۔ وغیرہ کے لئے اکسیر ہیں۔ بھوک بڑھاتی
ہیں اور کھائی ہوئی غذا کو جزو بدن بناتی ہیں۔ غرضیکہ پیٹ کی جملہ
امراض کو دُور کرنے کے لئے آبحیات ہیں۔ ہم نے ان گولیوں کو کسی
اور نام سے مشتہر کیا ہوا ہے لیکن پیارے ناظرین کو یہ تجارتی راز بلا دریغ
بتلادیا گیا ہے۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ امراض معدہ کے لئے بیشمار
ادویات و چورن رائج ہیں لیکن جو صاحب ان گولیوں کو معمول بنائینگے
یقیناً وہ ان گولیوں کے گرویدہ ہو جائیں گے۔ ان کو بالضرور تیار کریں اور
مکمل نفع اُٹھائیں۔

## ۲۸؎ دوم

**صفتہ**۔ عرق لیموں بقدر حاجت پانی میں ملا کر نمک سنگ شامل
کرکے نوش کریں۔ بفضلہ دو چار یوم میں ہی اس معمولی سے چٹکلہ کے
استعمال سے گرانی شکم کافور ہو گی اور بھوک لگانے میں عجیب ہے
مجرب اور زود اثر چٹکلہ ہے۔ قدر فرماویں۔

## ہیضہ یعنی کالرا ۲۹؎

ہیضہ ایک شدید متعدی اور خطرناک مرض ہے۔ جس میں قے اور دست
ہو کر مریض نہایت نڈھال ہو جاتا بلکہ اکثر حالات میں زندگی ختم کرنے پر
مجبور ہو جاتا ہے۔ مریض نہایت بے قرار اور بے چین ہوتا ہے اس کی آنکھیں

بیٹھ جاتی ہیں اور پیشاب بند ہو جاتا ہے۔ اگر یہ حالات قائم رہیں تو مریض بالآخر ختم ہو جاتا ہے۔ اس موذی مرض کے لئے لیموں لاجواب ہے۔ نسخہ ملاحظہ ہو:

**اکسیر ہیضہ (معمولہ مطب)** زہر مہرہ خطائی ۲ تولہ۔ ست لیموں ۲ رتی آب انار ۲ تولہ۔ نبات سفید ایک تولہ۔ سب دواؤں کو آب انار میں حل کر کے مریض ہیضہ کو تھوڑا تھوڑا کر کے پلا دیں۔ بفضلہ ایک دن میں ہی ہیضہ کا بستر بوریا گول ہو جایا کرتا ہے۔ سینکڑوں اعلیٰ سے اعلیٰ نسخے اس کے مقابلے میں ہیچ ہیں۔ غرضیکہ ہیضہ کیلئے اکسیر اعظم اور لاثانی نسخہ ہے یہ نسخہ قبلہ ام جناب والد صاحب مولوی حکیم صوفی عبدالقادر صاحب مرحوم کا بارہا کا مجرب اور بے خطا نسخہ ہے۔

## فواق یعنی ہچکی نمبر ۳

جس طرح پھیپھڑے اپنی تکلیف دہ چیز کو کھانسی کے ذریعہ سے دفع کرنے کی کوشش کرتے ہیں اسی طرح فم معدہ کو اگر کوئی تکلیف یا اذیت ہوتی ہے تو وہ ہچکی کی صورت میں دفع کرتا ہے۔ اگر صفرا کی وجہ سے ہو تو فم معدہ پر سوزش معلوم ہوگی۔ پیاس کی شدت زبان کی خشکی وغیرہ اور دیگر علامات صفرا پائی جائیں گی۔ رطوبات بلغمیہ اور ریاح غلیظہ کی وجہ سے ہو تو فم معدہ پر بوجھ سا معلوم ہوگا۔ ہاضمہ میں فتور ہوگا۔ پیٹ میں درد معلوم ہوگا۔ نفخ اور قراقر کی شکایت ہوگی۔ ان جملہ حالات کی صورت میں ذیل کا سفوف بے مثل ہے بہانگ دُہل کہا جاتا ہے کہ یہ کوڑیوں کے مول کا سفوف تیار کریں اور پورا پورا فائدہ اُٹھاویں۔ سفوف کا نسخہ یہ ہے صعفتہ الوہن دیسی ایکتولہ۔ عرق لیموں کاغذی ۵ تولہ۔ ہر دو دواؤں کو ظرف آہنی میں ڈالکر دھوپ میں رکھدیں۔ خشک ہونے کے بعد نمک لاہوری بقدر ضرورت اضافہ کر کے سفوف تیار کرلیں۔ بقدر ۲ ماشہ کھانا کھانے کے بعد تازہ پانی

کے ساتھ استعمال کریں - ہچکی کیلئے مجرب ہے - قے - متلی - ڈکار - بدہضمی کا حتمی علاج ہے خصوصیت کے ساتھ ہچکی اور اختلاج معدہ کے لئے یہ سفوف اکسیری حکم رکھتا ہے - یہ نسخہ عزیزم حکیم عبداللطیف صاحب طبیب حاذق کا بارہا کا مجرب اور بےمثل نسخہ ہے ان کا بیان ہے کہ میرا حقیقی بھائی ہچکی کے عارضہ میں مبتلا ہو گیا بیشمار علاج اور نسخہ جات کا استعمال ہوتا رہا لیکن ہر بات محض بے کار ہی ثابت ہوئی - خدا کی شان اس مذکورہ چٹکلہ کی ایک ہی خوراک سے بالکلیہ صحت ہوگئی جب سے یہ نسخہ میرا معمول ہے -

**پرہیز** - گوشت - دودھ - گرم مصالحہ - آلو - اروی وغیرہ سے پرہیز کرائیں

**غذا** - افاقہ ہونے پر ہلکی غذا مونگ کی دال چپاتی کے ہمراہ کھلادیں -

## قے - اُبکائی - متلی علاج

معدہ ذکی الحس ہونے کی وجہ سے تکلیف اور اذیت کا فوراً احساس کرکے مخالف کو دفع کرنیکی کوشش کرتا ہے اور ان قوتوں سے کام لیتا ہے جو قدرت نے اس کی شرافت وکرامت کو مدنظر رکھتے ہوئے عنایت کی ہیں پس اگر معدہ قوی ہوتا ہے اور تکلیف بھی زیادہ ہوتی ہے تو تکلیف دینے والی چیز کو اپنے آپ قے کے ذریعہ نکالدیتا ہے اور خود ضعیف ہوتا ہے یا تکلیف دینے والی چیز خارج نہیں ہوتی اس حرکت کو تہوع یا اُبکائی کہتے ہیں اور زیادہ ضعیف ہونے کی صورت میں صرف تنفر کا اظہار کرتا ہے اور اس کو غثیان یا متلی کہتے ہیں - ان جملہ شکایات کیلئے ذیل کا مفرد چٹکلہ اکسیر ثابت ہوچکا ہے طرفہ یہ کہ حلق سے اترتے ہی ان شکایتوں کو فوراً زائل کردیتا ہے اب چٹکلہ ملاحظہ ہو

**مفرد چٹکلہ** - آب سرد بقدر ضرورت لے کر عرق لیموں کاغذی اس میں نچوڑ دیں اور برف سے ٹھنڈا کرکے مریض کو پلادیں - بعدہٗ اس کا کرشمہ دیکھیں - اللہ اللہ لیموں میں قدرت نے کیا کیا تاثیرات ودیعت کر رکھی ہیں قے کو نافع - ابکائی وغیرہ کی شدت کو بے حد مفید اور مجرب ہے ۔ پرہیز اور غذا وہی کریں جو ہچکی میں تحریر کی جاچکی ہے

# جگر کی بیماریاں

درحقیقت جگر انسانی ہستی کے لئے وہ ضروری عضو رئیس ہے جس کے متعلق غذا اور تغذیہ کا فعل ہے۔ جس وقت اس عضو رئیس میں کوئی خرابی واقع ہو جاتی ہے تو جسم کی پرورش اور تغذیہ کے فعل میں خلل واقع ہو جاتا ہے۔ جگر کی خرابی کے ساتھ معدہ کے افعال میں بھی ضرور خلل پڑتا ہے۔ اس لئے جگر کے علاج کے ساتھ معدے کی اصلاح کا خیال رکھنا ضروری اور لازمی امر ہے۔ جگر کی بیماریوں میں قیمتی سے قیمتی ادویہ کا استعمال کرایا جاتا ہے۔ لیموں اگرچہ ایک معمولی سا پھل تصور کیا جاتا ہے۔ فوائد کے لحاظ سے بہت ہی تحفہ اور نایاب چیز ہے۔ واحد چٹکلہ ملاحظہ ہو۔

## استسقاء۔ جلندھر ۳۲

اس کی تین قسمیں ہیں۔ پہلی قسم کو استسقاء زقی کہا جاتا ہے۔ اس قسم میں پیٹ کے اندر پانی جمع ہو جاتا ہے۔ بدیں وجہ پیٹ مشک کی طرح پھول جاتا ہے دوسری قسم کو استسقاء لحمی سے یاد کیا جاتا ہے۔ اس میں سارا بدن پھول جاتا اور آٹے کی طرح پلپلا ہو جاتا ہے۔ تیسری قسم کو استسقاء طبلی کا نام نام دیا جاتا ہے۔ اس میں پیٹ کے اندر ریاح جمع ہو جاتی ہے جس سے وہ ڈھول کی طرح بولتا ہے۔ آپ کو واضح کر دوں کہ اس بیماری میں دہلی کے نامور اطباء قرص اذخر۔ معجون دبید الورد معجون سنبل وغیرہ کا استعمال کراتے ہیں اور ڈاکٹر صاحبان بذریعہ اپریشن پانی نکال دیا کرتے ہیں مگر آخر کار نتیجہ وہی ڈھاک کے تین پات۔ اب ہم ذیل میں آپ کو ایک ایسا نایاب و نادر چٹکلہ بتلائے دیتے ہیں جو ہر سہ اقسام استسقاء کے لئے اکسیر ہے۔ اب چٹکلہ ملاحظہ فرماویں۔ **صنعتہ** عرق لیموں کاغذی آدھ سیر۔ عرق گیاہ مکڑا (اذخر) ہر دو عرقوں کو ایک بوتل میں ڈالکر

متواتر پندرہ روز دھوپ میں رہنے دیں۔ بعدہ غذا باجرہ کا دلیہ گڑ یعنی قند سیاہ ڈالکر پکاویں اور یہ عرق مذکور بقدر ایک تولہ دلیہ میں ڈالکر کھا جاویں۔ بفضلہ چودہ دن میں کامل صحت ہو جاویگی۔ آزمائش بہترین کسوٹی ہے۔ لیموں کے کیا کیا فوائد عرض کئے جاویں بےمثل اور بے نظیر چیز ہے۔ اگر یہی نسخہ کوئی سنیاسی آپ کو بتلاتا تو آپ اُس کی دل و جان سے قدر کرتے۔ گھروں۔ مجلسوں غرضکہ جگہ جگہ اس نسخہ کا تذکرہ کرتے۔ مگر اب مفت اور بلا مشقت پہنچ رہا ہے۔ **غذا** تیتر بٹیر کی یخنی بغیر گھی اور گرم مصالحے کے کھلائیں۔ **پانی**۔ لوہے کا بُجھا ہوا پانی پلائیں۔

# تلی کی بیماریاں

تلی ہضم غذا میں مدد دینے کے علاوہ خون کے سفید دانے بناتی اور ان کو سرخ کرنے میں مدد دیتی ہے اور خون کی سیاہی اور تلچھٹ اور ناکارہ حصہ کو اُسمیں سے جذب کر لیتی ہے اور چونکہ قدرت نے علاوہ اور فوائد کے تلی کو جگر سے سودا جذب کرنے اور بھوک کے وقت معدہ پر ٹپکانے کے واسطے مقرر فرمایا ہے اس لئے ضروری ہے کہ اس کی خرابی بدن کو مضر ہوگی یہی وجہ ہے کہ جو لوگ امراض طحال میں مبتلا رہتے ہیں وہ ہمیشہ ضعیف و ناتوان رہتے ہیں۔ جالینوس کا قول ہے کہ جس شخص کی تلی چھوٹی ہوتی ہے اُس کا بدن فربہ اور قوی رہتا ہے اور جس کی تلی بڑی ہوتی ہے اس کا بدن ہمیشہ کمزور اور لاغر رہتا ہے۔ اس عارضہ کے لئے بڑی بڑی اکسیریں استعمال کی جاتی ہیں مگر لیموں بالخاصہ اس بیماری کیلئے مفید ہے۔ اب خاص الخاص دو چٹکلے ملاحظہ ہوں +

## ورم طحال ۳۳

ورم کی حالت میں بخار بھی ہوا کرتا ہے۔ بخار گاہے شدت کے ساتھ اور

گاہے خفیف اور لازم ہوتا ہے۔ تلی پر ٹھو کنے اور انگلی مارنے سے ٹھوس آواز نکلتی ہے۔ دبانے سے درد زیادہ ہوتا ہے۔ ان حالات کی صورت میں یہ چٹکلہ استعمال کراویں۔ **صفتہ** عرق لیموں کاغذی سو عدد بوتل میں ڈالیں بعدہ اس کے اندر کوڑی ۶ عدد سہاگہ ۶ ماشہ باریک شامل کردیں اور بوتل کا منہ زرد مٹی سے بند کرکے پندرہ دھوپ اور شبنم میں رکھیں۔ بعدہ ہر روز بوقت صبح بقدر ۲ تولہ نوش جان فرمالیا کریں۔ دست آوینگے اور بالکلیہ صحت ہو جاویگی۔ تلی کے ورم۔ گرانی شکم کو دور کر دیتی ہے۔ بہت بڑی خوبی یہ ہے کہ جس شخص کو مٹی کھانے کی عادت ہو وہ اس کے استعمال سے جاتی رہتی ہے۔ فرمایئے اس سے بڑھکر اور کمال کیا ہوگا۔ شیخ سعدی علیہ الرحمتہ فرماتے ہیں ؎

خوئے بد در طبیعتے کہ نشست نرود جز بوقت مرگ از دست

## دوم ٹوٹکہ عجیب

**صفتہ**۔عرق لیموں کاغذی۔ عرق پیاز ہر ایک ڈیڑھ تولہ دونوں کو ملاکر ہر روز بوقت صبح نوش کریں یہ ایک خوراک ہے۔ ایسی چودہ خوراکیں استعمال کریں یہ ٹوٹکہ ایسا نفیس ہے کہ تلی کی ہر قسم کی شکایات کو رفع کردیتاہے۔ خصوصیت کے ساتھ عظم طحال اور ورم طحال کیلئے تو ازحد نافع اور مجرب ہے آزمائش شرط ہے ؎

# آنتوں اور مقعد کی بیماریاں

اگر غذا کا فضلہ جس میں غذا بننے کی صلاحیت نہیں ہوتی آنتوں میں پڑا رہتا تو دوسری غذا کے آنے کے واسطے جگہ اور راستہ نہ رہتا۔ اور اعضا کمزور اور ضعیف ہوکر انسان کی زندگی محال ہوجاتی۔ بدیں وجہ اطبا کرام نے ہدایت کی ہے کہ آنتوں اور مقعد کی بیماریوں کا علاج

بہت جلد کرنا چاہیئے ۔ ورنہ دیر میں مرض لا علاج ہو جاتا ہے ۔ اب آپ جملہ علاج ترک کر کے فی الفور لیموں کے مرکبات استعمال کیجئے پھر آپ پر واضح ہو جائیگا کہ لیموں آنتوں اور مقعد کی بیماریوں کیلئے کتنی مفید اور بہترین چیز ہے اب ہم ذیل میں مجرب المجرب ٹیکوں کا تذکرہ کئے دیتے ہیں ملاحظہ ہوں۔

## زحیر یعنی پیچش ۳۵

اس میں پہلے مروڑ کے ساتھ پتلے پتلے آؤں ملے ہوئے دست آتے ہیں بھوک کم ہو جاتی ہے اور خفیف بخار ہو جاتا ہے ۔ اس کے بعد دس بیس بلکہ تیس چالیس بار پاخانہ کی حاجت ہوتی ہے پیٹ میں شدید درد اور مروڑ ہوتی ہے ۔ بعض دفعہ پاخانہ کی راہ بہت سا خون خارج ہوتا ہے اور مریض نہایت کمزور ہو جاتا ہے ۔ آپ جب یہ حالات ملاحظہ فرمادیں تو فوراً اکسیر زحیر ہر قسم کا استعمال کراویں ۔ انشاء اللہ دوسری گولی کی ضرورت نہ پڑیگی ۔ اب اکسیر کا نسخہ مطالعہ فرماویں ۔ **صفت** سہاگہ عمدہ بریاں ا ماشہ ۔ شنگرف رومی ۲ ماشہ ۔ افیون خالص ۴ ماشہ ۔ تینوں کو عرق لیموں میں باریک پیسکر گولیاں سیاہ مرچ کے برابر بنالیں نوجوان آدمی کو ایک گولی کافی ہے ۔ اگر دست رات کو زیادہ آویں تو پھر شہد میں گولیاں تیار کر کے استعمال کرادیں انشاء اللہ معاً نفع ہوگا ۔ یہ نسخہ میرے خاص الخاص دوست عالیجناب حکیم ڈاکٹر میاں قربان احمد صاحب کامل طب وجراحت ممبر اسمبلی کشمیر سٹیٹ کا بارہا کا آزمودہ ہے میں نے بارہا آزما کر تیر بہدف پایا ہے ۔ ہر قسم کے دست اور پیچش کو بند کرنیوالی لاثانی گولیاں ہیں ضرور فائدہ حاصل کیجئے ۔

**غذا** ۔ کھچڑی ۔ دہی چاول کھلاویں ۔

**پرہیز** ۔ ترشی ۔ شوربا ۔ گرم مصالحہ ۔ مرچ اور روٹی کھانیسے پرہیز کریں

## بواسیر ۳۶

بواسیر کی بیماری ایک عالمگیر مرض ہے۔ آج کل ہمارے ہندوستان میں وبا کی طرح پھیلی ہوئی ہے۔ جس کو دیکھو وہی اس مرض کا شاکی ہے اسمیں شک بھی نہیں شاید ہی کوئی خوش قسمت فرد اس کے پنجہ سے بچا ہو۔ بڑے لمبے چوڑے اس مرض کے متعلق آئے دن اشتہار نکلتے رہتے ہیں کہ ہم مسوں کو ایک دن میں ہی غائب کر دیتے ہیں۔ خون اگر مانند سیلاب جاری ہو تو پہلی خوراک میں ہی رُک جاتا ہے وغیرہ وغیرہ۔ حق امر یہ ہے کہ اس کا علاج بہت کم طبیب جانتے ہیں۔ ہر روز کا مشاہدہ ہے کہ بہت کم افراد اس جان لیوا مرض سے شفا حاصل کرتے ہیں مگر مولائے کریم کی کریمی ملاحظہ فرماویں کہ معمولی جیسے پھل لیموں میں اس نے بواسیر کا علاج مخفی رکھدیا ہے جو واقعی قوی الاثر ہے۔ اب ذیل میں چند مجرب چٹکلے درج کیئے جاتے ہیں آزما کر ضرور نفع اُٹھاویں +

## اول اطلاء ۳۷

**صفت** - نوشادر ایکتولہ لیکر آب لیموں ۲ عدد میں باریک پیسکر متوسط درجہ کی گولیاں بنالیں اور دھوپ میں خشک کر کے محفوظ رکھیں بوقت ضرورت ایک گولی لیکر پانی میں حل کر کے مسوں پر ضماد کر دیں۔ یہ ضماد بواسیری مسوں کو مطلق سکیڑ دیتا ہے اگر عرصہ تک اس کا استعمال جاری رہے تو مریض کو بالکلیہ صحت ہو جاتی ہے۔

## دوم نفیس ٹوٹکہ ۳۸

**صفت** - پھٹکڑی سفید بقدر ضرورت لے کر تین بار عرق لیموں کاغذی میں تر و خشک کر کے باریک پیسکر محفوظ رکھیں ہر روز بوقت صبح بقدر ایک ماشہ مناسب

---

نہایت ضروری گذارش - براہ نوازش جن نسخہ جات کو تجربہ کی کسوٹی پر کس لیں ان کے نتیجہ سے ضرور مطلع فرماویں تاکہ دوسرے ایڈیشن میں آپکے نام نامی سے تصدیق درج کر دی جائے +

(حکیم رام پرشاد ایڈیٹر رسالہ سیر عالم)

بدرقہ کے ہمراہ کھلا دیں۔ بواسیر خونی کے لئے از حد مفید ہے ÷

## سوم عجیب چٹکلہ ۳۸

**صفت** ۔ ست لیموں ولایتی (ٹاٹری) ۱ ماشہ ہر روز مکھن ۲ تولہ میں لپیٹ کر کم از کم تین یوم اور زیادہ سے زیادہ سات یوم لگاتار اس کا استعمال کریں بواسیر ہر قسم (نو قسم) کے لئے مجرب ہے۔ ایک کامل درویش کا فرمودہ نسخہ ہے استعمال کریں اور اُن کے حق میں دعائے مغفرت فرماویں ÷ **غذا** کھچڑی مونگ کی دال چپاتی ۔ شوربا چپاتی کھلانی چاہیئے ÷

**پرہیز** ۔ ہر قسم کی تیز مصالحہ دار غذاؤں سے بچیں ÷

## قبض مزمن ۳۹

نئی تہذیب نے ہمارے زمانہ میں کچھ عالمگیر بیماریاں پیدا کر دی ہیں ان میں ایک بیماری "دائمی قبض" بھی ہے۔ جس میں آنتوں کی حرکت (دودیدا آنتوں کی جو فضلہ کو خارج کرنے کے لئے قدرتی طور پر جاری رہتی ہے) کمزور ہو جاتی ہے اور وقت پر اجابت نہ ہونے سے ردی بخارات اور ایک طرح کی زہریلی گیس دل اور دماغ کی طاقتوں پر حملہ کرتی رہتی ہے اور اس طور پر طرح طرح کی بیماریاں ۔ دردسر ۔ دماغ کا کمزور ہو جانا بھوک نہ لگنا اور آلات انہضام کا رفتہ رفتہ بگڑ جانا وغیرہ وغیرہ پیدا ہو جاتی ہیں اس قدرتی طاقت کی کمزوری تندرستی کیلئے کامل خطرہ ہے۔ لہٰذا جتنی جلدی ہو سکے اس کو رفع کرنیکا تدارک کرنا چاہیئے ایک نادر نسخہ ملاحظہ ہو ÷

## جب نایاب

اکثر یہ لوگ کہہ دیا کرتے ہیں کہ جمالگوٹہ مدبر کرنے کے باوجود ضرر ہی پہنچاتا ہے لیکن ذرا وہ اصحاب ذیل کی گولیوں کو بنا کر ملاحظہ فرماویں ۔ جس میں جمالگوٹہ مدبر بھی نہیں کیا جاتا۔ مگر مدبر شدہ سے بھی بے ضرر ہو جاتا ہے۔ عالیجناب مکرم برادر حقیقی مولانا مولوی حکیم محمد عبید اللہ صاحب منشی فاضل کا نسخہ ہے یا شافی

مغز جما لگوٹہ ۱ تولہ صرف پتہ دُور کیا ہوا۔ پوست آملہ خشک دو تولہ۔ سو عدد لیموں کاغذی کا عرق۔ سب کو آب لیموں میں باریک پیسکر حبوب بقدر دانہ مونگ تیار کریں۔ ایک یا دو گولی شب کو سوتے وقت گرم دودھ یا پانی کے ساتھ استعمال کریں۔ اجابت بافراغت ہو کر رہیگی۔ اگر جلاب لینا مقصود ہو تو پانچ چھ گولیاں کھلاویں اگر خدانخواستہ جلن سی محسوس ہونے لگے تو مصری کا شربت پلائیں۔ فی الفور تسکین ہو گی۔ ان گولیوں کو استعمال میں رکھنے سے کسی طرح کا نقصان پیدا نہیں ہوتا جو عام قبض کشا ادویہ کے دوام استعمال سے پیدا ہو جاتا ہے +

# گُردوں اور مثانہ کی بیماریاں

قدرت نے گردوں سے پیشاب بننے کا کام لیا ہے مثانہ میں گردوں سے بذریعہ حالبین (گردوں کی دو نالیاں ہیں) کے صرف پیشاب ٹپکتا رہتا ہے اور جمع ہو جانے پر خارج ہو جاتا ہے۔ آلات بول کے امراض میں بھی قدرت نے لیموں کو عجیب تاثیرات بخش دی ہیں۔ ان کی بیماریاں اگرچہ بھروسہ کے نسخوں سے بھی مشکل سے اچھی ہوتی ہیں۔ مگر ہندوستان کے ایک معمولی سے پھل میں وہ وہ تاثیرات پنہاں کر دی گئی ہیں کہ جن سے بڑے بڑے عسیر العلاج امراض بالکلیہ زائل ہو جاتے ہیں +

## احتباس البول یعنی پیشاب رُک جانا

اگر خدانخواستہ کسی بشر کا پیشاب رُک جائے تو اس سے پوچھیے کہ اسکی جان پر کیا بنتی ہے۔ مریض تڑپتا اور سخت بے چین ہوتا ہے کہ کسی طرح پیشاب آئے مگر نہیں آتا۔ یہ چٹکلہ استعمال فرماویں بفضلہ فوراً رُکا ہوا پیشاب جاری ہو جائیگا۔ اب چٹکلہ ملاحظہ ہو۔ ہوالشافی۔ لیموں ایک عدد لے کر درمیان سے کاٹ کر اور تخم دُور کر کے اس میں شورہ قلمی بھر دیں اور آگ پر رکھکر

جوش دیں۔ سرد ہونے پر ناف کے اردگرد اسکی مالش کر دیں۔ فوراً پیشاب جاری ہو جائے گا۔

## سوزاک^۴۱

سوزاک خواہ نیا ہو خواہ پرانا اس نسخہ کے استعمال سے اس کا نام نشان باقی نہیں رہتا اور پیشاب کی جلن اور سوزش اور پیپ اور ریم کا آنا بہت جلد دُور ہو جاتا ہے اور سوزاک کے بعد اکثر لوگوں کو جس جریان کی شکایت ہو جاتی ہے وہ جریان ہونے نہیں پاتا یہ ایک خاص نسخہ ہے۔ بیسیوں مریض اس سے اچھے ہو چکے ہیں۔ روپیہ کے ضائع کرنے اور تکلیف میں مبتلا رہنے کی ضرورت نہیں۔ بفضلہ اس نایاب چٹکلہ سے آپ کا مقصد خاطر خواہ پورا ہو جائیگا۔ اب چٹکلہ ملاحظہ ہو۔ ہوالشافی۔ روغن رال خانہ ساز کی دو یا تین بوند عرق لیموں کاغذی بقدر ضرورت میں حل کر کے مریض سوزاک کو پلا دیا کریں۔ بلا پرہیز ایک ہفتہ بالکلیہ صحت ہوگی۔ جو اصحاب پرہیز جیسی بہترین چیز سے گھبراتے ہیں وہ بالضرور اس نایاب چٹکلہ سے نفع حاصل کریں۔ روغن رال خود تیار کرنا چاہیئے ورنہ کسی معتبر دواخانہ سے طلب کر کے استعمال کریں۔

## دوم عرق نادر^۴۲

جو اصحاب روغن رال کے بنانے یا منگوانے کو جنجال سمجھیں وہ ہرگز نہ گھبراویں ان کے لئے یہ عرق بےمثل ہے۔ کمال یہ کہ فائدہ بھی صرف تین روز میں ہو جاتا ہے بنانے اور منگوانے کا بھی مطلق جھگڑا نہیں رہتا۔ اب عرق کا نسخہ ملاحظہ ہو۔ صدفتہ۔ عرق لیموں کاغذی تین چھٹانک میں پانچ تولہ بتاشے حل کر کے نوشجان فرماویں یہ ایک خوراک ہے۔ اسی طرح تین یوم متواتر اس کا استعمال کریں۔ سوزاک کے لئے عجیب وغریب اثر رکھتا ہے۔ غذا سوائے دودھ چاول کے اور کچھ نہ کھلاویں۔ مفید ومجرب ہے ایک سیر تک یہ عرق آپ نوش فرما سکتے ہیں۔ جسقدر برداشت ہو سکے مفید ہو گا۔

# مردوں کے مخصوص امراض

مردوں کے مخصوص امراض ویسے تو بہت ہیں۔ مگر فی زمانہ خصوصیت کیساتھ ضعف باہ کی از حد شکایت ہے۔ جس نوجوان کو دیکھو اسی کے تذکرے میں مصروف ہے۔ اور اس بیماری نے ہندوستان کے نوجوانوں کو زندہ درگور بنا رکھا ہے با وجود اس امر کے پھر سوراج سوراج پکار رہے ہیں۔ میں حیران ہوں کہ جب ہماری صحت ہی خطرہ میں ہے تو پھر ہم سوراج کی ذمہ داریوں کو کب اٹھا سکتے ہیں۔ چاہیئے تو یہ کہ سب سے پیشتر ہم اپنی صحت کو درست کریں بعدہ اس دلی آرزو کو بر ملا کریں بخدا! دل تو یہ چاہتا ہے کہ اس موضوع پر دل کھول کر بحث کیجائے مگر پھر اصل مقصد کو سامنے لاتے ہوئے خاموشی اختیار کرنی پڑتی ہے۔ ہاں اگر آپ کو شوق ہو تو میری ناچیز تصنیف "مجربات قادری" کا ملاحظہ فرماویں۔ آپ حیران ہو نگے کہ لیموں کو باہ جیسی چیز سے کیا لگاؤ ہے۔ مگر یہ پھل ان امراض میں بھی از حد موثر ہے۔

## ضعف باہ۔ نامردی ۴۳

قوت مردمی کا ضعیف ہو جانا انسان کا جیتے جی مرجانا ہے۔ لوگ شرم اور ندامت کے سبب اپنا باقاعدہ علاج نہیں کرتے اور عام دواؤں کے غلط کارانہ استعمال سے اپنے آپ کو خراب کرتے رہتے ہیں۔ اس مرض کی ہزاروں دوائیں ہیں مگر اکثر کا حال یہ ہے کہ ان کا اثر محض عارضی ہوا کرتا ہے جس طرح بجھتے ہوئے چراغ کی بتی اکسا دی جاتی ہے اور ذرا دیر کے لئے روشنی تیز ہو جاتی ہے۔ بس اسی طرح محرک اور تیز دوائیں کام کرتی اور زندگی کے چراغ کا باقی ماندہ تیل بھی گویا ضائع کر دیتی ہیں۔ مگر یہ جو "اکسیر باہ" ہم آپکو بتلا رہے ہیں۔ یہ ہر قسم کے نقائص سے مبرا ہے۔ عام اس سے کہ یہ ضعف جوانی کی غلطیوں کا خمیازہ ہو یا عمر کے ڈھل جانے اور قدرتی طور پر جسمانی توتوں

کے انحطاط سے پیدا ہوا ہو۔ ہر حالت میں اکسیر باہ حیرت انگیز اثر اپنی منفعت بخشیوں کا دکھاتی ہے اور اس دوا سے وہ مریض بھی اچھے ہوئے ہیں جو بڑے بڑے قیمتی نسخوں پر ہزار ہا روپیہ برباد کر چکے تھے اب اکسیر باہ کا نسخہ ملاحظہ ہو۔ ہو الشافی۔ سم الفار سفید ایک تولہ کو سو عدد لیموں کے عرق میں خوب باریک کھرل کریں۔ خشک ہونے پر آپ ملاحظہ فرماوینگے کہ سیاہ رنگ کی دوا تیار ہوئی ہے۔ بحفاظت شیشی میں محفوظ کرلیں۔ ہر روز یہ دوائی بقدر دانہ مسور بالائی کے اندر رکھ کر کھاویں۔ بفضلہ ہفتہ عشرہ میں ہی گیا گذرا مرد شیر مرد بنجاتا ہے۔ محنت اور عرصہ سے ہرگز نہ گھبراویں ہر حالت میں انجام کی طرف نگاہ رکھیں ؛

**غذا**۔ ذکاوت حس کی موجودگی کی صورت میں چپاتی مونگ کی دال۔ ٹنڈے کھچڑی کہلائیں۔ لیکن جب ذکاوت حس دور ہو جائے یا ضعف باہ کے دوسرے اسباب ہوں تو اس صورت میں پلاؤ حلوے دودھ پراٹھے وغیرہ کھلائیں

**پرہیز**۔ ہر قسم کی ترشیوں اور سرخ مرچ سے پرہیز کریں ؛

## دوسرا طلاء عجیب

آپ ہرگز نہ گھبراویں میں بیاضوں کی چھان بین کر کے آپ کے لئے آسان سے آسان اور مفید بھی بے حد نسخے تلاش کر کے آپ کے سامنے لا رہا ہوں جس پر اطمینان اور سہولت ہو بنا کر استعمال فرمادیں۔ یہ طلا بھی بہترین ہے **صفت**۔ صابن دیسی۔ مصری ہر دو مساوی الوزن لیکر عرق لیموں کاغذی میں باریک کھرل کر کے ذکر پر طلا کریں۔ خشک ہونے پر جماعت کریں۔ امساک کیلئے بہترین دوا ہے۔ جن حضرات کو وظیفہ انسانی میں لذت محسوس نہیں ہوتی ان کے لئے اکسیر کا حکم رکھتا ہے اس کے علاوہ ضعف باہ کو بھی از حد مفید ہے۔

# بچوں کی بیماریاں

بچوں کی بعض بیماریاں ایسی بھی ہیں جن سے لیموں کو خاص طور پر لگاؤ ہے آپ پر روز روشن کی طرح واضح ہے کہ بچوں کے امراض اس قدر پیچیدہ ہوتے ہیں کہ جس سے تقریباً ہر ایک معالج واقف ہے۔ سینکڑوں روپیہ برباد کرنے کے بعد بھی یہ گھر کا چراغ گل ہی ہو جایا کرتا ہے۔ لیموں کے مجرب چٹکلے بچوں کی بیماریوں میں قوی الاثر ہیں۔ اور آناً فاناً نفع ظاہر کرتے ہیں۔

## ڈبہ اطفال۔ بچوں کا نمونیا

یہ مرض علاوہ طبی دنیا کے عام لٹریچر میں بھی بہت زیادہ مشہور ہے اسکو ملک کی عام اصطلاح میں پسلی چلنا کہتے ہیں اصل میں یہ پھیپھڑے کا ورم ہے جسکو ڈاکٹر لوگ نمونیا کہتے ہیں۔ اگر اچھی طرح علاج نہ کیا جائے تو مہلک ہے۔

**تشخیصی نکتہ**۔ ایک بہترین اور کلی علامت یہ ہے کہ سانس لیتے وقت پسلیوں میں گڑھا پڑ جاتا ہے۔ یہاں پر ایک مجرب المجرب اور بیخطا نسخہ درج کیا جاتا ہے۔ جو ہر حالتمیں بفضلہ اکسیر ثابت ہو چکا ہے۔

## حبوب ڈبہ (بےمثل نسخہ)

ہوالشافی۔ مغز جمالگوٹہ پتہ دُور کردہ ۴ تولہ۔ شنگرف رومی ایکتولہ۔ ہر دو دواؤں کو عرق لیموں میں دو پہر کامل کھرل کرکے گولیاں بقدر دانہ موٹھ بناویں۔ ایک دو سال کے بچے کو نصف گولی اور دو سال سے چار سال تک کے بچے کو ایک گولی دیں۔ بڑے بچے کے لئے جیسا مناسب ہو اضافہ کریں۔ بفضلہ فوراً قے آکر تمام غلیظ بلغم خارج ہو جائے گا۔ یہ گولیاں ڈبہ کی شدت میں اکسیر ہیں۔ **غذا**۔ آش جو۔ یخنی مونگ کی دال کا پانی۔ دودھ جوش دیا ہوا پلا سکتے ہیں۔

**پانی**۔ نیمگرم یا تازہ پانی پلاتے رہیں اگر تازہ پانی نہ مل سکے تو عرق گاؤزبان پلاتے رہیں۔

# چیچک - چُدری

یہ مرض اگرچہ ہر ایک ملک میں ہوتا ہے۔ لیکن گرم ممالک میں بکثرت دیکھا جاتا ہے۔ ہندوستان میں پھاگن۔ چیت۔ بیساکھ میں اسکی کثرت ہوتی ہے اسکے علاوہ دوسرے موسموں میں بھی پایا جاتا ہے۔ چیچک کے دانوں کے نشانات دُور کرنے کے لئے ذیل کا ضماد بہترین ہے۔

## ۷۶ نسخہ ضماد (مجرب المجرب)

**صفتہ** - نیلا تھوتھا۔ کتھ دونوں ہموزن لیکر عرق لیموں میں پیسکر چہرے کو گرم پانی سے دھوکر طلا کریں۔ گیارہ روز میں چیچک اور پھلبہری کے داغ بفضلہ زائل ہوکر بدن مثل کندن کے ہوجائیگا۔ الغرض عجیب و غریب ضماد ہے۔

## چیچک کا پُھولہ ۷۷

دوران چیچک میں اگر خدانخواستہ بچہ کی آنکھ میں پھولہ پڑجائے تو مندرجہ ذیل دوا کا استعمال ازحد نفع رساں ثابت ہوگا۔ متعدد بار اس دوا کا تجربہ ہوچکا ہے۔ آج تک خطا نہیں گئی۔ اب نایاب چٹکلہ ملاحظہ فرمائیں ہوالشافی۔ ہلدی کی ایک گرہ لیکر لیموں میں سوراخ کرکے اس کے اندر ڈالدیں جب لیموں خشک ہوجائے تو دوسرے لیموں میں یہی گرہ نکال کر داخل کریں غرضکہ اسی طرح تیسرے لیموں میں رکھنے کے بعد نکال لیں اور اس گرہ کو بروقت ضرورت عرق گلاب میں گھسکر پھولہ پر لگائیں۔ چیچک کے پھولہ کو دُور کرنے کے لئے بہترین اور مجرب چیز ہے۔ دن میں دو بار لگائیں۔

# بخاروں کا بیان

اطباء کرام کے نزدیک دل ہی تمام اعضاء سے افضل شمار کیا جاتا ہے اس لئے

جو تکلیف قلب کو پہونچتی ہے وہ فوراً ہی تمام بدن میں اثر کر جاتی ہے کیونکہ دل سے بہت سی شرائیں نکلکر سارے بدن کے اندر جال کے اندر پھیلی ہوئی ہیں جب کبھی دل میں کسی وجہ سے حرارت زائد ہو جاتی ہے تو اس حرارت کا اثر ان شرائین کے ذریعہ فوراً ہی تمام اعضائے بدن کے اندر پہونچ کر تمام کے تمام اعضار گرم ہو کر اپنے اپنے کاموں سے غافل ہو جاتے ہیں۔ یہی وہ حالت ہے جس کو ہم بخار یا تپ کے نام سے یاد کرتے ہیں۔ بخار کی لاتعداد قسمیں ہیں لیکن جن بخاروں کیلئے لیموں خصوصیت کے ساتھ مفید ہے وہ ذیل میں درج کرتا ہوں۔ سب سے پہلے موسمی بخار کا تذکرہ ہو گا +

## موسمی بخار۔ ملیریا ۴۸

سخت جاڑے سے بخار کا چڑھنا۔ تلی کا بڑھ جانا اسی بخار کی علامتیں ہیں نیز بلغم کی وجہ سے یہ بخار ہر روز اور صفرار کی وجہ سے تیسرے روز اور سودا کی وجہ سے چوتھے روز دورے سے آیا کرتا ہے اس بخار کی موسم عموماً نصف جولائی سے لیکر نصف نومبر تک ہے اس بخار کیلئے یہ دوا بے نظیر ہے۔

**صفت**۔ پھٹکری بقدر ۵ تولہ کے اس کو عرق لیموں ۲۰ تولہ میں ڈالکر آنچ پر پکادیں۔ یہانتک کہ پھٹکری خشک ہو کر پھول جاوے۔ بعدہ اسکو باریک پیسکر شیشی میں محفوظ رکھیں اور بوقت ضرورت ایک رتی سے دو رتی تک یا اس سے کم و بیش گائے کی چھاچھ یا مناسب شربت سے دونوں وقت دیا کریں۔ انشاء اللہ یہ معمولی سا نسخہ اس موذی مرض کے لئے نہایت ہی مؤثر ثابت ہو گا۔ ضرور بنا کر دادیں۔ **پرہیز**۔ ثقیل اور دیر ہضم چیزوں کے استعمال سے پرہیز کریں۔ **غذا**۔ چپاتی اور مونگ کی دال دیں اور لیموں انار وغیرہ حسب ضرورت دیں +

## تپ ربع۔ چوتھیہ بخار ۴۹

اس قسم کا بخار چوتھے روز باری کے ساتھ آیا کرتا ہے۔ اس بخار کی صورت میں مریض کی رنگت مائل بہ سیاہی ہو جاتی ہے۔ پیشاب کم آتا ہے۔ آنکھوں میں گدلاہٹ

معلوم ہوتی ہے اور عموماً تلی بڑھ جاتی ہے۔ نبض بطی اور صلب ہوتی ہے یہ نسخہ پُرانے اور نئے سوداوی بخار کیلئے نہایت ہی مفید ہے۔ اس کے چند روزہ استعمال سے مزمن سے مزمن بخار بھی رفع ہوجاتا ہے نہایت قابل قدر اور تجربہ شدہ نسخہ ہے۔ ہوالشافی۔ آہک (چونہ) ۵ ماشہ لیکر ایک عدد لیموں کے عرق میں رات کو بھگودیں۔ صبح کو آرام کے ساتھ پانی نتھار کر پلادیں۔ اس عرق میں چونے کے اجزا مخلوط نہ ہونے چاہئیں۔ بخار ہونے سے ایک گھنٹہ پیشتر اس کا استعمال کرانا چاہیئے۔ چوتھیا بخار کے علاوہ یہ معمولی سا ٹوٹکہ ہر قسم کے نوبتی بخاروں کیلئے لاثانی ہے۔ پرہیز۔ بادی ثقیل اور خشکی پیدا کرنیوالی چیزوں سے بچیں غذا۔ تندرستوں کی سی دیجائے تاکہ مریض کمزور نہ ہوجائے۔ دودھ پلاویں۔

# نہایت مجرب نسخے

## بخاروں کے حیرت انگیز اسراری چٹکلے

### حبوب عہ

یہ گولیاں پُرانے بخار اور ہر قسم کے موسمی بخار کیلئے اکسیر ہیں۔ علاوہ ازیں قبض کشا بھی اعلیٰ درجہ کی ہیں۔ صفتہ۔ کونین عمدہ ۹ ماشہ۔ رسوت مصفیٰ۔ مرچ سیاہ۔ مصبر ہر ایک ایک تولہ۔ جملہ ادویہ کو لیموں کے رس میں باریک کھرل کرکے چنے برابر گولیاں بنالیں اور دن میں تین مرتبہ مناسب بدرقہ کے ہمراہ کھلاویں۔ قابل تعریف گولیاں ہیں۔

### آبشہ زلال قلعی یعنی کھانے کا چونہ

پرانے بخاروں کے لئے نہایت ہی لاثانی چیز ہے ہوالشافی۔ آب زلال قلعی بقدر ایکتولہ لیکر ایک عدد لیموں کا عرق شامل کرکے بوقت صبح مریض کو پلاویں اس سے چند روز میں ہی پرانے سے پرانے بخار رفع دفع ہوجاتے ہیں۔

**روٹی کا لقمہ عہ** | احمی صفراوی نوبتی کیلئے عجیب تحفہ ہے یا شافی۔ گیہوں کی

روٹی لیکر عرق لیموں میں بخوبی تر کرکے باری سے ایک گھنٹہ پیشتر چند لقمہ نوش جان فرماویں۔ خدا کی شان ان لقموں ہی کے استعمال سے بخار جاتا نظر نہ آئیگا۔ مگر افسوس کہ ہماری اس طرف توجہ ہی نہیں ہمیں تو صرف اتنی بات یاد ہے کہ جاؤ شیشی لیجاؤ اور ڈاکٹر صاحب سے کونین مکسچر لے آؤ۔ یہ خبر ہی نہیں کہ کونین اسکے مقابلہ میں ہیچ ہے ملکی پھلوں اور جڑی بوٹیوں کی قدر فرماویں خدا واحد شاہد ہے آپکی کامیابی انہی ہو ہیں مضمر ہے۔

## مرکب کشتہ ۵۲

یہ کشتہ ہر ایک قسم کے بخاروں کے لئے از حد مفید ہے بلکہ بسا اوقات ایک ۱ روز ہی میں بخار سے رہائی ہو جایا کرتی ہے ہو الشافی۔ سنکھیہ ۲ تولہ۔ ہرتال طبقی ایکتولہ ہر دو کو سولہ عدد لیموں کے عرق میں کھرل کرکے ٹکیہ بناویں اور کوزہ گلی میں رکھکر گل حکمت کرکے تین سیر اپلوں کی محفوظ آگ دیں سرد ہونے پر نکالکر باریک پیسکر شیشی میں محفوظ رکھیں خوراک ایک رتی سے دو رتی تک بتاشہ یا منقی کے دانہ میں رکھکر دونوں وقت دیا کریں بفضلہ بخاروں کا قلع قمع ہو جاویگا اسری چیز ہے

# امراض عامہ

## خارش۔ پھوڑے پھنسی ۵۳

روغن چنبیلی۔ آب لیموں دونوں کو ہموزن لیکر ایک جگہ کرکے بدن پر مالش کریں ایک دو گھنٹہ کے بعد غسل کریں۔ بفضلہ بالکلیہ صحت ہوگی۔ یہ روغن جملہ اقسام کی خارش کے لئے ایک قابل قدر تحفہ ہے۔ ایک بار نہیں بلکہ متعدد بار کا آزمودہ نسخہ ہے +

## پھوڑے ۵۴

جو پھوڑے پکے ہوئے نہ ہوں ان پر اجوائن بقدر ضرورت لے کر عرق لیموں میں مخلوط کرکے آنچ پر ملٹس کی طرح پکا دیں۔ بعدہ نیمگرم پھوڑے پر باندھ دیں دو تین بار کریں اس سے پھوڑے بہت جلد پک کر پھوٹ جاتے ہیں یہ ایسا نسخہ مفید ہے

## رسولی ۵۵

گھونگچی سفید ۶ ماشہ ۔ نمک سنگ ۱ ماشہ دونوں کو عرق لیموں میں باریک پیسکر علیحدہ رکھیں بعدہ استرے سے رسولی کو شگاف دیکر ضماد مذکور اس پر لگادیں ۔ امید ہے کہ چند روز ہی میں رسولی نیست ونابود ہو جائیگی ۔ یہ خوب یاد رہے کہ ایسی بیماریاں کچھ دیر کے بعد اچھی ہوا کرتی ہیں فوری بدظن ہو جانا بعید از عقل ہے لگاتار استعمال کرنے سے آدمی بالکل تندرست ہو جایا کرتا ہے ۔ مکرر عرض کرتا ہوں کہ یہ ضماد رسولی کیلئے اکسیر ہے ۔

## داد ۵۶

برگ تمباکو لیکر عرق لیموں میں پیسکر داد پر لیپ کر دیں ۔ سات یوم میں ہی کہنہ سے کہنہ داد ملیامیٹ ہو جاتی ہے ۔ آرام ہونے کے بعد بھی چند روز احتیاطاً لگاتے رہیں تاکہ اس کی جڑ نہ رہنے پائے ۔ الغرض قوبا یعنی داد کے لئے یہ ضماد تیر بہدف ہے ٭

## آتشک ۵۷

یہ ایک سخت وخبیث اور متعدی مرض ہے جس کی ابتداء میں مردوں کے عضو تناسل اور اس کے قرب وجوار میں اور عورتوں میں فرج کے اندر دانے یا پھنسیاں پیدا ہو جاتی ہیں اور ان میں سوزش اور درد ہوا کرتا ہے اور پیپ پڑ جاتی ہے اور کبھی یہانتک نوبت پہنچتی ہے کہ تمام بدن میں دانے یا سیاہ داغ پیدا ہو جاتے ہیں اور دوسرے سخت وشدید عوارض لاحق ہو جاتے ہیں ۔ اس تباہ کن بیماری کے لئے یہ اکسیر بمنزلہ پارس کے ہے ۔ ہوالشافی ۔ سم الفار سفید ۔ دارچکنہ رسکپور ۔ ہرتال طبقی ۔ شنگرف رومی ۔ پارہ ۔ گندھک آملہ سار سب دو دو تولہ ہموزن لیکر ایک ہفتہ تک لگاتار عرق لیموں کاغذی میں کھرل کرکے جوہر اڑالیں ۔ خوراک ۲ چاول مکھن میں ڈالکر کھلائیں ۔ کبھی اس کو بالائی میں لپیٹ کر بھی کھلاتے ہیں ۔ غذا میں چنے کی روٹی گھی میں خوب چور کر کھلائیں

یا دودھ چاول دیں۔ یہ اکسیر فساد خون کی بیماریوں میں اکسیر ثابت ہوئی ہے اور فساد خون کی اگر جذام تک نوبت پہنچ گئی ہے اور گوشت اور ہڈیاں گلنی شروع ہوگئی ہیں تو اس حالت میں بھی یہ دوا اپنا اثر دکھاتی ہے اور خون کو پاک وصاف کرتی اور جسم کو کندن بنادیتی ہے۔ جب اس دوا کی قوتیں فساد خون کے انتہائی نتائج کیلئے اس درجہ بہتر و پُرتاثیر ہیں تو خون کی معمولی شکایتوں کیلئے (جیسے کہ پھوڑے پھنسیوں کا یا خشک اور تر کھجلی۔ داد یا آتشک کا ہونا) بس اس کے فوائد تعریف سے بالاتر ہیں۔ یہ ایک کیمیا وی اور ہمارے مطب کی خاص الخاص دوا ہے ہم نے مخلوق خدا کو نفع پہنچانے کی خاطر قطعاً بخل جیسی تباہ کن بیماری کو نزدیک تک پھٹکنے نہیں دیا۔ وگرنہ ایسی تجارتی اور بے حد نفع رساں چیزیں کون بتلاتا ہے۔ ہم سمجھتے ہیں کہ روزی رساں وہی ذات مطلق ہے پھر ہم ایسے نسخوں کو اخفا میں رکھیں تو کیوں رکھیں۔ میں نے یہ نسخہ خصوصیت کے ساتھ اطبا ء کرام کیلئے تحریر کیا ہے اگر کوئی صاحب اس کے جوہر اڑانے کی مکمل ترکیب مجھ سے دریافت فرماوینگے تو فوراً جوابی کارڈ یا ( خالی لفافہ جس پر ٹکٹ لگی ہوئی ہو) آنے پر لکھ دی جاویگی۔ مذکورہ نسخہ میں جو مکہ رسکپور شامل ہے جس کے اثر سے منہ آجاتا ہے اس لئے ان کو نہایت احتیاط سے کسی چیز میں بند کر کے نگلانا چاہیئے۔ یہ جوہر خصوصیت کے ساتھ آتشک کیلئے بےمثل و بے نظیر ہے جو صاحب بنا کر آزماوینگے یقیناً وہ اس جوہر کے گرویدہ اور شیدا ہو جائینگے۔

## دیگر نسخہ ۵۸

آپ یقیناً گھبرا گئے ہونگے کہ یہ نسخہ ہم سے تو بننے سے رہا۔ بالفرض اگر آپ یہ نہیں بنا سکتے اور اتنی زحمت میں قطعاً پڑنا نہیں چاہتے تو وہ اصحاب یہ نسخہ استعمال فرماویں بفضلہ جوہر سے بھی بڑھ چڑھکر نفع ہوگا نسخہ ملاحظہ ہو صفتہ۔ ہلیلہ سیاہ۔ لونگ ہر ایک ۲ تولہ۔ دونوں کو چودہ پہر عرق لیموں میں کھرل کر کے تین تین ماشہ کی گولیاں بنالیں۔ ایک گولی صبح کو کھلاویں۔ اسی طرح لگاتار اکیس یوم تک کھاویں

انشاءاللہ آتشک کا نام ونشان نہ رہیگا۔ غذا دال مونگ چپاتی۔ مرغن کھاویں ازحد نافع ہے اور ہر قسم کی اشیائے بادی وترشی سے پرہیز۔ اس دوا سے جوشش دہن عارض نہیں ہوتی +

## برص ۵۹

سم الفار سفید ۶ ماشہ کتھہ سفید ایکتولہ ہر دواؤں کو ۵ تولہ عرق لیموں میں کھرل کرکے چنے برابر گولیاں بناویں بعدہ ایک گولی کو عرق لیموں میں گھسکر پھلبہری کے داغ پر لیپ کریں۔ اس معمولی سے نسخہ سے برص کے داغ بفضلہ تین روز میں دُور ہو جاتے ہیں۔ خاندانی اور اسراری چٹکلہ ہے اگر تین یوم میں مکمل نفع نہ ہو تو چند روز متواتر اس کا استعمال جاری رکھیں انشاءاللہ ضرور کامیابی ہوگی۔

## دیگر نسخہ نمبر ۶۰

آرد دوغ (چھڈی) نوشادر۔ دونوں کو ہموزن لیکر عرق لیموں بقدر ۳ تولہ میں خوب حل کرکے داغوں پر ضماد کریں۔ ظنی آدمی خصوصیت کے ساتھ اس ضماد کو برتیں۔ پندرہ بیس یوم میں بدنما بدن بالکل صاف ہو جائیگا۔ پھلبہری کے داغوں کے لئے آزمودہ ہے۔

## بہق نمبر ۶۱

ہر قسم کے سفید دھبے جو بدن پر یا چہرہ پر پڑ جاتے ہیں اُنکے لئے چاہیئے کہ سہاگہ بریاں۔ تخم ترب مساوی الوزن لیکر عرق لیموں میں کھرل کرکے رات کو لیپ کر دیا کریں۔ ازحد مفید چٹکلہ ہے۔ انشاءاللہ بالکلیہ صحت ہوگی +

## کلف نمبر ۶۲

پوست ریٹھہ بقدر ضرورت لے کر عرق لیموں میں کھرل کرکے جنگلی بیر کے برابر گولیاں بناویں۔ بروقت ضرورت ایک گولی عرق لیموں میں گھسکر سیاہ داغوں پر لیپ کریں اور بوقت صبح گرم پانی سے دھو ڈالیں۔ اسی طرح چند روز کے استعمال سے بفضلہ کلف کا نام ونشان نہ رہیگا۔ کلف یعنی چھائی کیلئے یہ گولیاں اکسیر ہیں

ایک طالب علم ان گولیوں کی بے حد تعریف فرماتے تھے اور کہتے تھے کہ میرے چہرہ کا کلف اسی نسخہ کے استعمال سے رفع ہوا تھا +

## مہاسے ۶۳

میں نے ایک پرانی خاندانی قلمی بیاض میں دیکھا ہے کہ اگر تخم ترب (مولی کے بیج) قدرے لیکر عرق لیموں میں کھرل کر کے رات کے وقت لیپ کریں۔ صبح عمدہ صابن سے منہ دھولیں۔ سات یوم بفضلہ مکمل صحت ہو جاویگی۔ بعدہٗ مہاسے مطلق نہ نکلیں گے +

## چہرے کا رنگ صاف ہو جائے ۶۴

عرق لیموں دودھ میں ملا کر رات کو سوتے وقت چہرہ پر مل لیا کریں اور صبح کو گرم پانی سے منہ دھوئیں تو چہرے کا رنگ نہایت دلفریب ہو جاتا ہے +

## بال جھڑنا ۶۵

اگر سر یا ڈاڑھی سے بال خود بخود جھڑنے شروع ہوں تو اس طلا سے بفضلہ تعالیٰ اُگنے شروع ہوں گے۔ چترک بقدر ضرورت لے کر عرق لیموں میں پیسکر مقام مرض پر دن میں دو مرتبہ لگا لیا کریں۔ چند دفعہ کے استعمال سے صحت ہوگی۔ یہ معمولی سا چٹکلہ داء الثعلب (بالچر) کیلئے لاثانی اور اکسیر ہے +

## بال بڑھانا اور سیاہ کرنا ۶۶

لیموں کے رس میں آملہ لیکر خوب پیس لگا دیں بالوں پر دس پندرہ یوم میں ہی آپ کا مقصد بفضلہ حل ہو جائیگا۔ یہ چٹکلہ خاص الخاص مجربات سے ہے +

# مرکبات لیموں (خاص الخاص)

**حب لیموں ۶۷** - آتشک اور امراض سوداوی میں مفید ہے۔ جوڑوں کے درد کو زائل کرتی ہے۔ کتھ سفید حب النیل۔ پوست الائچی کلاں سوختہ۔ فوفل کہنہ ہر ایک ایک تولہ۔

مردار سنگ ۲ تولہ سب کو سفوف کر کے ایک سو لیموں کاغذی کے عرق میں خوب کھرل کر کے بقدر نخود گولیاں بنالیں ایک گولی صبح ایک گولی شام پانی سے استعمال کریں۔ بہت جلد صحت ہوگی +

**سکنجبین لیموں** ۶۸ صفرا کو زائل کرتی ہے۔ غذا کو ہضم کرنے میں معین ہوتی ہے پودینہ خشک دو تولہ پانی میں جوش کر کے چھان کر آب لیموں دس تولہ ملا کر قند سفید نصف سیر ملا کر قوام بنائیں ایکتولہ سے ۲ تولہ تک استعمال کریں +

**شربت لیموں** ۶۹ معدہ اور جگر کو طاقت بخشتا ہے۔ صفراوی پیاس اور قے کو دور کرتا ہے۔ کنوئیں کا تازہ پانی ۲ حصہ لیموں کا عرق ایک حصہ۔ قند سفید آدھا حصہ۔ سب کو ملا کر قوام کر لیں۔ ۲ تولہ سے ۴ تولہ تک استعمال کریں۔

**سکنجبین لیموں بہ نسخہ خاص** ۷۰ معدہ اور جگر کو طاقت بخشتی ہے صفرا اور بلغم کو معدہ سے قے کی راہ نکالتی ہے۔ لیموں کا عرق ایک سیر۔ مصری ڈیڑھ سیر ملا کر قوام کر لیں۔ ایک تولہ سے ۲ تولہ تک استعمال کریں +

**مربہ لیموں** ۷۱ صفرا دور کرتا ہے۔ معدہ کو طاقت دل کو فرحت بخشتا ہے لیموں کا چھلکا جدا کر کے اندر سے بیج نکالدیں۔ سیر شہد یا مصری کا قوام کر کے اُس میں ڈالدیں۔ کم از کم ایک ہفتہ کے بعد استعمال کریں +

**آچار لیموں** ۷۲ پرلے درجہ کا لذیذ اور بدرجہ کمال ہاضم ہے۔ پانچ سیر لیموں کاغذی لیکر ان کو ایک روز پانی میں چھوڑ دیں اور دوسرے روز پانی سے نکالکر ان کی چار چار پھانکیں کر کے ان میں گرم مصالحہ اور سیندھا نمک بھر دیں۔ اتنے لیموؤں کے واسطے آدھ سیر گرم مصالحہ اور تین پاؤ نمک کافی ہے اور نمک مصالحہ بھر کر برتن میں ڈالدیں اور اُوپر سے اور لیموؤں کا عرق نچوڑ دیں جس قدر ترش لیموؤں کا عرق زیادہ نچوڑا جاویگا اچار زیادہ دنوں تک ٹھہرے گا۔ مناسب خیال فرما دیں تو سونٹھ ۶ ماشہ۔ پیپل ۶ ماشہ۔ سفید زیرہ ۶ ماشہ۔ سمندر جھاگ ۶ ماشہ گرم مصالحہ کے ساتھ کوٹ کر اضافہ کریں

بس بہترین آچار تیار ہے۔ پانچ سات روز کے بعد استعمال فرما دیں÷

**آچار لیموں بترکیب دیگر** :- ایسے خوش مزہ لذیذ اور ہاضم طعام ہوتے ہیں کہ قابل بیان نہیں۔ لیموں اوسط درجہ کے سو عدد۔ نمک ایک سیر۔ سب سے پہلے نمک کو جو کوب کر کے ایک برتن میں رکھدیں بعد اس کے لیموں اُس میں ڈالکر ایک سرپوش سے ڈھانک کر دھوپ میں رکھیں مگر روز اُسے اُچھال دیا کریں۔ چند روز میں وہ نمک مثل شیرے کے ہو جائیگا بعد اس کے وہ شیرہ اندر جذب ہو کر خشک ہو جاویگا اور باہر بھی اُن پر لیپٹ جائیگا اور لیموں نرم ہو جائینگے۔ بعدہ صرف میں لائیں۔ نہایت لذیذ اور خوش ذائقہ ہوگا ہر قسم کے لیموں کا اچار معدے جگر اور قلب کو تقویت بخشتا ہے غذا کو ہضم کرتا ہے بوئے آروغ اور بوئے دہن کو خوشبودار کرتا ہے موسمی بخار اور ہیضہ جیسے امراض وبائی کے دنوں میں غذا کے ہمراہ اس کا استعمال کرنا بہتر ہوتا ہے÷

**حب لیموں (یہ نسخہ خاص )** :- مریض ہیضہ کو انشاء اللہ تعالیٰ دو تین مرتبہ کھلانے میں دوسری گولی کی ضرورت نہ پڑے گی اور مریض کو صحت کلی ہوگی۔ یہ گولیاں عالیجناب مکرم برادر حقیقی مولوی حکیم منشی محمد نذیر صاحب ہیڈ ماسٹر لوئر مڈل سکول ڈھلم بلگن کی مجرب اور بے خطا گولیاں ہیں۔ آپ حلفاً ارشاد فرماتے تھے کہ جس مریض کو بھی میں نے یہ گولیاں کھلائی ہیں وہ تندرست ہی ہو کر رہا ہے۔ اب گولیوں کا نسخہ ملاحظہ ہو۔ نارجیل دریائی ایکتولہ۔ جدوار خطائی چھ ماشہ۔ دانہ الائچی خورد۔ زہر مہرہ خطائی ہر ایک تین ماشہ مصطگی رومی ڈیڑھ ماشہ۔ سب کو عرق لیموں میں تین روز تک حل کریں اور ایک ایک ماشہ کی گولیاں بنائیں اور وقت ضرورت ایک گولی سکنجبین لیموں میں ملا کر مریض کو کھلائیں قابل قدر گولیاں ہیں ضرور بنا کر نفع اٹھا دیں÷

**کار آمد چٹکلہ** :- ایک گلاس پانی میں لیموں کا رس نچوڑ کر غرغرہ کر نیسے دانتوں کی میل دُور ہو جاتی ہے اور منہ سے بدبو نہیں آتی۔ اس غرض کیلئے بے مثل چٹکلہ ہے۔

# مفردات لیموں (خاص الخاص)

## اسرار ی اور بے خطا چٹکلے

۱۔ کچا لیموں کاٹ کر سر میں ملنے سے کھجلی اور خشکی دور ہو جاتی ہے بال نرم پتلے اور ملائم ہو جاتے ہیں ❖

۲۔ ماتھے اور کنپٹی پر لیموں کا رس ملنے سے سر درد دور ہو جاتا ہے ❖

۳۔ رات کو سوتے وقت ہر روز آدھا لیموں چہرہ پر ملنے سے رنگ نکھر جاتا ہے کیل پیدا نہیں ہوتے اور چہرہ کی جلد صاف ملائم اور سرخ ہو جاتی ہے اس کا چھلکا اور رس ملنے سے چہرہ کی کیل اور جھائیاں دور ہو جاتی ہیں ❖

۴۔ دانتوں پر برش یا مسواک سے لیموں کا رس ملا جائے تو دانت اور مسوڑھے مضبوط ہو جاتے ہیں اور دانتوں کے کیڑے مر جاتے ہیں ❖

۵۔ نیم گرم پانی میں ایک تولہ لیموں کا رس ڈالکر پینے سے ہیضہ۔ بدہضمی اسہال اور آنتوں کی سب بیماریاں دور ہو جاتی ہیں ❖

۶۔ ملیریا بخار میں لیموں کا رس کونین وغیرہ تمام دواؤں سے زیادہ مفید ثابت ہوتا ہے

۷۔ لیموں کا رس بدرجہ کمال مصفی خون ہے ❖

۸۔ صبح سویرے اور رات کو ایک پیالہ پانی میں نصف لیموں نچوڑ کر پینے سے۔ معدہ آنتوں دل۔ جگر اور تلی کی تمام بیماریاں دور ہو جاتی ہیں ❖

۹۔ جسم میں گرمی بڑھ گئی ہو تو لیموں کا رس چوسنے یا سکنجبین بنا کر پینے سے بالکل دور ہو جاتی ہے۔

۱۰۔ صفراوی دردسر کیلئے اس کا عرق تھوڑا سا پینا نہایت مفید ہے ❖

۱۱۔ بدہضمی۔ کو دور کرنے کے لئے اس سے بہتر کوئی چیز نہیں ❖

۱۲۔ پیاس اور سوزش کو دور کرتا ہے ❖

۱۳۔ متلی اور صفراوی قے کو از حد نافع ہے۔

۱۴۔ صفراوی بخار کو فوراً اتار دیتا ہے اور اس کے جملہ عوارضات کیلئے بہترین اور زود اثر چیز ہے
۱۵۔ اسکو کاٹکر قدرے نمک مرچ سیاہ چھڑک کر نیمگرم چاٹنا تپ صفراوی و شدت تشنگی رفع کرنے میں بہت مجرب ہے +
۱۶۔ نمک و کالی مرچ لگاکر چوسنا ہیضہ کے لئے از حد مفید ہے +
۱۷۔ لیموں کا پوست (چھلکا) سب افعال میں مثل نارنج کے ہے مگر اس سے ضعیف۔

# معلومات طب جدید (ڈاکٹری)

## ۹۳/ ناظرین کی بصیرت کی غرض سے

طب جدید (ڈاکٹری) غذائی تحقیقات کے سلسلہ میں کہتی ہے کہ انسانی طعام ہمیشہ جامع ہونا چاہیئے۔ جس انسانی خوراک میں وٹامین (حیاتین) موجود نہ ہو تو لازمی ہے کہ اس کے استعمال سے مرض کساح لاحق ہو جائے۔ چنانچہ نئی تحقیقات وٹامین ہی کو اغذیہ کی جان اور روح سمجھتی ہے۔ اب حکیم مطلق کی مہربانیوں کو ملاحظہ فرماویں کہ اس نے خصوصیت کے ساتھ لیموں کے رس میں سب سے زیادہ وٹامین پنہاں کر رکھی ہے۔ تازہ لیموں کا رس مانع سکربوٹ ہے مگر جو رس متعفن ہو کے بگڑ چکا ہو یا مصنوعی طور پر بنایا گیا ہو وہ اس لحاظ سے بیکار محض ہے ایکیٹس (ہڈیوں کا نرم ہونا) ایک روز مچھلی کے ہمراہ ایک روز شہد کے ہمراہ بچوں کو لیموں کا عرق پلانا بہت نفع بخشتا ہے۔

**اسکروی** (مسوڑھوں سے خون آنا) تین چار لیموں روزانہ چوسنے سے خون بند ہو جاتا ہے پائیوریا (مسوڑھوں سے پیپ آنا) عرق لیموں سے غرارے اور کلیاں کیجائیں اور لیموں کا چوتھائی ٹکڑا کاٹ کر اُسے مسوڑھوں پر ملا جائے +

# لیموں سے تیار ہونیوالے کشتہ جات

جس طرح لیموں میں بدنی امراض کے دفعیہ کی متعدد تاثیریں پائی جاتی

ہیں اسی طرح چند دھاتوں کو کشتہ کر دینے کی تاثیر بھی قدرت نے اس میں ودیعت کر رکھی ہے۔ جو کشتہ بھی اس کے رس میں تیار کیا جاتا ہے وہ بدرجۂ کمال سریع الاثر اور نہایت مفید ثابت ہوتا ہے۔ مندرجہ ذیل کشتہ جات اپنی تاثیر و خواص کے لحاظ سے قابل ملاحظہ اور قابل قدر ہیں بالضرور بنا کر ہمارے تجربہ کی داد دیں +

## کشتہ پوست بیضہ ۹۴

پوست بیضہ مرغ جھلی سے صاف کیا ہوا ۳ تولہ۔ عرق لیموں کاغذی ۱۲ تولہ پوست کو آب لیموں میں خوب کھرل کر کے ٹکیہ بنا دیں۔ بعدہ کوزہ گلی میں گل حکمت کر کے چھ سیر اپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال کر باریک پیس کر بحفاظت شیشی میں رکھیں۔ ہر روز بوقت صبح نصف رتی سے ایک رتی تک الائچی خورد میں ملفوف کر کے کھاویں +

## فوائد

پرانی کھانسی اور دمہ (ضیق النفس) کیلئے اکسیر ہے۔ ترش اور بادی چیزوں سے حتی الامکان پرہیز کریں +

## کشتہ پوست بیضہ مرغ ۹۵

مرغی کے انڈے کے چھلکے اندرونی جھلی سے صاف کئے ہوئے بقدر ضرورت لے کر دس روز تک عرق لیموں میں بھگو رکھیں عرق اتنا ہونا چاہیئے کہ کم از کم ایک انگشت بھر عرق اوپر تیرتا رہے۔ خشک ہونے پر کسی بوتہ گلی میں گل حکمت کر کے پندرہ سیر اپلوں کی آنچ دیں سرد ہونے پر نکالیں۔ کشتہ شگفتہ برآمد ہوگا باریک کھرل کر کے شیشی میں بند رکھیں۔

## فوائد

یہ کشتہ جریان اور کثرت احتلام کے لئے از حد مفید و نافع ہے بوقت

صبح بقدر ایک رتی مکھن میں رکھکر کھلاویں۔ایک ہفتہ میں بفضلہ مذکورہ شکایات کا قلع قمع ہو جاویگا۔ایک پندرہ سالہ جریان کا مریض اسی کشتہ کے استعمال سے بالکل تندرست ہوگیا۔اور آج تک خدا کے فضل وکرم سے اس بیماری میں مبتلا نہیں ہوا ÷

## کشتہ چاندی ۹۶

ورق نقرہ ایکتولہ۔پوست بیضہ مرغ ایک تولہ ہردو کو ایک سیر لیموں کاغذی میں خوب کھرل کرکے ٹکیہ بناکر مٹی کے کوزہ میں رکھکر گل حکمت کرکے پون من سرکنڈوں کی آگ دیں سرد ہونے پر نکال لیں۔کشتہ نہایت عمدہ سفید زردی مائل برآمد ہوگا اس کو باریک پیسکر شیشی میں محفوظ رکھیں۔

### فوائد

یہ کشتہ دمہ کے لئے عجیب ہے بھوک اسقدر پیدا کرتا ہے کہ برداشت کرنی مشکل ہو جاتی ہے۔پٹھوں کی جملہ کمزوریاں اس کے استعمال سے رفع ہو جاتی ہیں۔الغرض ضیق واشتہا اور عصبی کمزوری کے لئے اکسیر ہے۔خوراک بقدر ضرورت برائے طبیب مناسب اشیاء کے ساتھ دیں۔سالوں کی بیماریاں بفضلہ گھنٹوں میں رفع ہونگی ÷

## کشتہ چاندی ۹۷

ہڑتال طبقی ایک تولہ لےکر اس کو ایک پہر عرق لیموں کاغذی میں کھرل کریں۔بعدہ تین تولہ چاندی کے ورقوں پر لپیٹ کر دو سکوروں میں گل حکمت کرکے تیس سیر اپلوں کی آگ دیں۔سرد ہونے پر نکال لیں اور باریک پیسکر شیشی میں محفوظ کرلیں ÷

## فوائد

یہ کشتہ تقویت باہ ۔ سرعت اور احتلام کو بغایت سودمند ہے ۔ ایک دو خوراکوں میں ہی اپنا اثر دکھائے بغیر نہیں رہتا ۔ خوراک ایک رتی مکھن یا بالائی میں رکھ کر کھلایا کریں ؞

## کشتہ فولاد ۹۸

برادہ فولاد ۶ ماشہ ۔ سہاگہ ۶ ماشہ ۔ ہر دو کو چینی کے برتن میں ڈالکر عرق لیموں کاغذی شامل کرکے غلہ میں اکیس روز تک دفن رکھیں ۔ بعدہٗ خشک ہونے پر گل حکمت کرکے پندرہ سیر اُپلوں کی آگ دیں ۔ سرد ہونے پر نکالکر باریک پیسکر محفوظ رکھیں ۔ بہترین کشتہ ہوگا ؞

## فوائد

یہ کشتہ دل ۔ دماغ اور جگر کو از حد تقویت بخشتا ہے خصوصیت کے ساتھ ضعف جگر کے عارضہ کو بے مثل ثابت ہوچکا ہے ؞ خوراک ایک رتی ۔ ہر روز بوقت صبح مکھن میں ملاکر کھلاویں ؞

## کشتہ فولاد ۹۹

فولاد کا برادہ بقدر ضرورت لیکر عرق لیموں کاغذی میں ترکریں بعدہٗ خشک ہونے پر باریک پیسکر محفوظ رکھیں ۔ بغیر آگ کے کیا ہوا کشتہ سرد تاثیر رکھتا ہے ۔ فولاد کا کشتہ پانی پر تیرتا رہے یا کم از کم پانی میں حل ہوجائے بہترین کشتہ سمجھا جاتا ہے ۔

## فوائد

یہ کشتہ دل ۔ دماغ اور جگر کو بے حد تقویت بخشتا ہے ۔ خوراک ایک رتی ۔ مکھن میں رکھکر کھلاویں ۔

## کشتہ فولاد

فولاد کا برادہ عرق لیموں کاغذی میں ایک ہفتہ تر رکھیں بعدہٗ اسکے کھرل کرکے

پانچ سیر کنڈوں کے درمیان میں رکھ کر آگ دیں اسی طور سے سات آنچیں پے درپے دینے سے کشتہ اس کا برنگ سرخ مائل بسیاہی ہو جاتا ہے۔ اسکو نہایت حفاظت کے ساتھ اعلیٰ درجہ کی شیشی میں محفوظ رکھیں۔

## فوائد

یہ کشتہ بمقدار دو چاول پان میں کھانے اور کھلانے سے قوت باہ پیدا کرتا ہے اور معدہ کو اس قدر قوت بخشتا ہے کہ کیسی ہی ثقیل چیز کھائی جاوے فوراً ہضم کر دیتا ہے۔ اگر کوئی پتھر بھی کھالے توبفضلہ فوراً ہضم ہو جائیگا۔ مؤلف نے چند بار اس کشتہ کو تیار کر کے مریضوں پر استعمال کرایا ہے۔ فی الحقیقت مذکورہ اغراض کے لئے بہت نادر و نایاب چیز ہے۔ سیروں خون بدن میں مانند سیلاب بہنے لگتا ہے جو آزمائیگا یقیناً فدا ہوگا ⁂

## کشتہ مرجان

صاحب بستان المفردات نے ایک ترکیب اس کے کشتہ کی بذریعہ دھوپ کے لکھی ہے جس کو خاکسار نے متعدد بار خود تجربہ کیا ہے واقعی بے نظیر ترکیب ہے۔ مرجان کے ٹکڑے ایک چینی کے پیالے میں رکھکر عرق لیموں کاغذی لبالب بھر کر قدرے مصری ڈالکر ایک ہفتہ دھوپ میں رکھنے سے سفید براق کشتہ تیار ہو جاتا ہے۔ باریک پیسکر شیشی میں محفوظ رکھیں ⁂

## فوائد

خوراک دو چاول سے ایک رتی تک مناسب دواؤں کے ساتھ کھلاویں۔ یہ کشتہ کھانسی اور دمہ کے لئے نہایت مفید ہے اور جریان اور ازدیاد شہوت کے لئے کمال پُر تاثیر ہے۔ قوت باہ کیلئے بنگلہ پان میں اور کھانسی کے لئے ملائی میں۔ دمہ میں شہد کے ہمراہ۔ جریان کے

لئے کتیرا کے ہمراہ کھلا دیں۔ یہ کشتہ ہمارا مدت سے معمول ہے انصاف فرمائیے کہ اس قسم کے سینہ کے راز کون افشا کرتا ہے۔ مگر ہم محض آپ کی بہبودی کو ملحوظ رکھتے ہوئے بلا دریغ اس قسم کے جواہر ریزے آپ کے سامنے بکھیر رہے ہیں۔ رازق مطلق وہی ہے پھر ہم کیوں نہ اپنے سینہ کو چاک کر کے آپکے سامنے رکھدیں۔ اب ان کی قدر کرنا آپ کا فرض اولیں ہے اور اس قسم کے اسراری راز پیش کرنا ہمارا کام ہے۔

## کشتہ مروارید

مروارید (موتی) ایک تولہ بھر لے کر پانچ تولہ عرق لیموں کاغذی میں چینی کے پیالہ میں رکھیں۔ ایک ہفتہ میں مروارید چونہ کی مانند پھول جاوینگے بعدہٗ کوزۂ گلی میں رکھکر گل حکمت کر کے بقدر ضرورت آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکالکر باریک پیکر مضبوط اور پائدار شیشی میں بند رکھیں۔

## فوائد

یہ کشتہ دل و دماغ اور جگر کو خصوصیت کے ساتھ طاقت بخشتا ہے نیز تقویت باہ کے لئے بھی از حد مؤثر ہے۔ خوراک ایک رتی سے ایک ماشہ تک خمیرہ گاؤزبان کے ہمراہ استعمال کرا دیں۔ عجیب و غریب نفع ظاہر ہوگا۔

# مؤلف کے چند چٹکلے

## تریاق معدہ ۱۰۱

امراض معدہ کے لئے تریاق کا حکم رکھنا اور نمک سلیمانی سے بڑھ کر مفید ہے۔ لیموں کے پھل خشک کر کے جلاکر راکھ تیار کرلیں۔ اور بدستور معروف نمک تیار کرلیں۔ مقدار خوراک ایک رتی مناسب عرق یا پانی کے ساتھ دیں بفضلہ تعالیٰ فوراً فائدہ ہوگا۔ بارہا کی آزمودہ اور مجرب دوا ہے +

## عرق اکسیر ملیریا ۱۰۲

اکثر اقسام تپ کو مفید ہونے کے علاوہ یہ عرق ایک تولہ لیکر سادہ پانی میں حل کر کے مریض ہیضہ کو دن میں تین مرتبہ دینے سے ہیضہ کو رفع کر دیگا نیز درد شکم ۔ درد ریحی ۔ قے متلی کو بھی بے حد مفید ہے۔ قبض کی حالت میں اس کی ایک خوراک صبح نہار منہ پانی میں ملاکر دیں۔ قبض کو دفع کر دیتا ہے ؛

**صفت**۔ لیموں کاغذی عمدہ سو عدد کا عرق نکالیں اور ململ کے نئے کپڑے میں پچاس مرتبہ چھان کر رکھ لیں۔ پھر نوشادر ۱۰ تولہ باریک کر کے کھرل میں ڈالکر اس عرق میں خوب حل کریں۔ جب خوب اچھی طرح حل جائے تو پھر پچاس مرتبہ کپڑے میں چھان کر شیشی میں ڈال دیں اور مضبوط کاک لگاکر آٹھ یوم تک دھوپ میں رکھیں۔ بس عرق تیار ہے خوراک ایکتولہ۔ عام بخاروں اور ملیریا بخار میں کونین تین گرین ایک تولہ

عرق میں حل کرکے پلائیں - دن میں تین مرتبہ کے استعمال سے آرام ہوگا - بارہا کا تجربہ شدہ ہے ❖

## اکسیر چھاجن ۱۰۳

چھاجن کیلئے اکسیر ہے - سات یوم کے استعمال سے صحت کلی ہونیکی کافی امید ہے - سیندھور بقدر ضرورت لے کر لیموں کے تخم دُور کرکے سیندھور اس میں بھر دیں اور رات بھر پڑا رہنے دیں - صبح کے وقت چھاجن کو جنگلی اُپلہ سے کھجا کر لیموں مع سیندھور کے اس پر مل دیں - انشاء اللہ بہت جلد صحت ہوگی ❖

## تریاق زہر ۱۰۴

سانپ کے زہر کے لئے تریاق کا حکم رکھتا ہے اور فادزہر سے بڑھکر نافع ہے - نیلہ تھوتھا بقدر ۹ ماشہ باریک پیسکر لیموں کاٹ کر اس میں ڈال دیں - کچھ دیر کے بعد چوسیں - فوراً قے ہوگی - اور سانپ کا زہر رفع ہوکر مکمل صحت ہوجاویگی - آزمودہ ہے ❖

## عرق اکسیر غشی ۱۰۵

جو غشی اور نشہ بھنگ کیلئے اکسیر ہے - ادرک - نمک سنگ ہردو مساوی الوزن لیکر عرق لیموں کاغذی میں حل کرکے مریض کو پلادیں - انشاءاللہ فوراً نفع ہوگا ❖

## اکسیر ناف ۱۰۶

یہ بہترین چٹکلہ ناف ٹلنے کے واسطے اکسیر ہے - لیموں کاغذی ایک عدد لے کر تراش کر سہاگہ بقدر ۱ ماشہ لگاکر مریض کو چوسادیں - تین چار

یوم میں مکمل صحت ہوگی ؛

## ۱۰۷- اکسیر اوجاع باردہ

یہ گولیاں امراض باردہ یعنی سرد دردوں کے لئے مفید ہیں۔ اعصاب (پٹھوں) کو مضبوط کرتی ہے۔ خاصکر اعصابی کمزوریوں کو اور اعصابی بلغمی دردوں کو فائدہ دیتی ہے ؛ جذام۔ برص اور تمام امراض سوداویہ اور کھانسی، اور دمہ کو نافع ہے ؛

بچھناک مدبر ۶ ماشہ۔ فرچ سیاہ ایک تولہ۔ ہر دو دواؤں کو عرق لیموں کاغذی میں کامل آٹھ پہر کھرل کر کے چنے برابر گولیاں بنادیں۔ ایک گولی بوقت صبح پان میں رکھکر کھاویں اور بیسنی روٹی خواہ گیہوں کی ہو مع روغن زرد کے کھلاویں۔ انشاء اللہ برسوں کے درد گھنٹوں میں رفع ہونگے

**بچھناگ کے** مدبر کرنے کی صورت یہ ہے کہ ایک تولہ بچھناگ پوٹلی باندھکر بارہ سیر تازہ دودھ میں اس قدر پکائیں کہ نصف رہ جائے۔ پھر دوبارہ سہ بارہ اسی طرح پکاکر خشک کرلیں ؛

## ۱۰۸- اکسیر بغل گند

یہ طلا بغل گند کے لئے عجیب وغریب ہے۔ صرف ایک ہفتہ کے استعمال سے بفضلہ بغل گند کا نام ونشان نہیں رہتا۔

رسنجار (زنگار) بقدر ضرورت لے کر عرق لیموں میں باریک پیسکر بغل گند کے مقام پر طلاء کردیں۔ ازحد مفید اور نافع ہے۔

# ۱۰۹؍ مسہل (جلاب) ہندی

## بچوں کے لئے مسہل کا ہندی نسخہ ہے

مغز جمال گوٹہ مدبر ۶ ماشہ۔ شنگرف۔ سیاہ مرچ ہر ایک ایک تولہ۔ سب کو عرق لیموں کاغذی میں خوب کھرل کریں اور مونگ برابر گولیاں بنائیں۔ شیر خوار بچے کے لئے خوراک ایک گولی شیر مادر میں حل کر کے یا گرم پانی کے ہمراہ دیں بے ضرر ہے۔ متلی۔ ابکائی وغیرہ تکلیف دہ عوارض اس میں نہیں ہوتے ہیں

شکر نعمت کا تری جتنی کہ ہی نعمت تری عذر معصیت کا میری جتنی معصیت مری


# ربِّ اُلخبر

مزید حالات کتب ہائے مجرب بالمجرب ادویات کے لئے مندرجہ ذیل پتہ سے فہرست معہ جنتری مفت منگا کر مطالعہ کریں +

## المشتہر

حکیم چوہڑ مل اینڈ سنز پبلک میڈیکل ہال رجسٹرڈ کھاڑن ضلع انبالہ



RAM BHAWAN
کارخانہ پبلک میڈیکل ہال کھاروں ضلع انبالہ (پنجاب)
مال گودام - دفتر پبلک میڈیکل ہال رجسٹری شدہ گورنمنٹ نیز دفتر رسالہ سیر عالم



حکیم رام پرشاد صاحب کا اصلی فوٹو
HAKIM
PROP.
CHOOHAR MAL RAM PARSHAD
PUBLIC MEDICAL HALL
KHARVAN. DIST. AMBALA.